تیر لگتے ہی علی اصغرِ معصوم ہنسے
ننھے بچے کو یہ انداز سکھایا کس نے

لاش عباس پہ شہ بولے بصد رنج والم
میرے بھیا یہ تیرا حال بنایا کس نے

| | |
|---|---|
| جاني لے جاني دنيا چھے فاني | دنيا سي اُميد كر نه وفا ني |
| مھوٹي مھوٹي كر نه اماني | ماني لے ماري وات نے ماني |

دنيا ما كوئي رهيا نه رهسے
سروے خِردمَند ايمج كهسے

| | |
|---|---|
| عادة زمان ني كهاں اماں ني | بنياد چھے بس فنا پر جهاں ني |
| بيٹھي يهاں كر فكر وهاں ني | جيم تو كرے چھے فكر يهاں ني |

مهمان چھے تو فجر ما جاسے
توشو تو لے نهيں تو پچتاؤ تھاسے

| | |
|---|---|
| دنيا نے اُخرى نے ٰاباد كرجو | تقوى نا اوپر بنياد كرجو |
| كفر نے شرك نے برباد كرجو | الله تعالى نے بس ياد كرجو |

نسك و صلوة نے جيؤو نے مرؤو
واسطے رب نا لازم چھے كرؤو

خَيْرُ الْأَنَامِ مُحَمَّدٌ وَوَصِيُّهُ * وَالْبَرَّةُ الزَّهْرَاءُ وَالْحَسَنَانِ
قَوْمٌ بِهِمْ كُشِفَ الْعَمَى وَبِهَدْيِهِمْ * هُدِيَ الْوَرَى مِنْ حَيْرَةِ الطُّغْيَانِ
مَنْ لَا تَتِمُّ صَلَاتُنَا إِلَّا بِهِمْ * وَبِهِمْ يُنَادَى وَقْتَ كُلِّ أَذَانِ
خُزَّانُ عِلْمِ اللهِ مَهْبَطُ وَحْيِهِ * وَالْمُوضِحُونَ شَرَائِعَ الْإِيمَانِ
أَعْلَامُ دِينِ اللهِ أَرْكَانُ الْهُدَى * سُفُنُ النَّجَاةِ دَعَائِمُ الْإِيمَانِ
حَبْلُ الْإِلَهِ فَمَنْ تَعَلَّقَهُ نَجَا * وَهَوَى مُخَالِفُهُ إِلَى الْخُسْرَانِ
وَلَقَدْ وَقَفْتُ بِكَرْبَلَاءَ فَجَدَّدَتْ * كَرْبِي وَأَذْكَتْ فِي الْحَشَا أَحْزَانِي
وَذَكَرْتُ فِي عَاشُورَ مَصْرَعَ سَيِّدِي * مَوْلَايَ وَا أَسَفَا عَلَى الْعَطْشَانِ
وَلَأَبْكِيَنَّ عَلَى الْحُسَيْنِ وَصَحْبِهِ * بِدَمٍ وَدَمْعٍ دَائِمِ التَّهْتَانِ
وَلَأَبْكِيَنَّ عَلَى الْقَتِيلِ بِكَرْبَلَا * عُرْيَانَ مَطْرُوحًا بِلَا أَكْفَانِ
وَلَأَبْكِيَنَّ عَلَى غَرِيبِ مُحَمَّدٍ * بِالطَّفِّ فَرْدًا نَازِحَ الْأَوْطَانِ
وَلَأَبْكِيَنَّ عَلَى بَنَاتِ مُحَمَّدٍ * مَسْبِيَّةً بِالظُّلْمِ وَالْعُدْوَانِ
مَا عُذْرُ قَاتِلِ أَهْلِ بَيْتِ مُحَمَّدٍ * فِي الْحَشْرِ عِنْدَ الْوَاحِدِ الْمَنَّانِ
مَا اللهُ عَنْ ظُلْمِ الْعِبَادِ بِغَافِلٍ * لَكِنْ لَهُمْ يَوْمٌ عَظِيمُ الشَّانِ
صَلَّى الْإِلَهُ عَلَى النَّبِيِّ وَآلِهِ * مَا غَرَّدَ الْقُمْرِيُّ فِي الْأَغْصَانِ

جنة نو گلزار چھے          كوثر ني انهار چھے
منظرِ انوار چھے          نوراني دربار چھے

علم نو كھولي نے باب          حق نو جو ديكھو كتاب
ادراك نا دون ايك          حيرة ني ديوار چھے

طوبى راٰني كهے          يا لن تراني كهے
رب جو تجلي كرے          كهاں تابِ كهسارٗ چھے

مشكل چھے كھوائے كيم          سورج تو ديكھائے كيم
اٰئينهِ دل ما ديكھ          سورج نو اِسفار چھے

اٰؤ دكھاؤں تنے          راز سناؤں تنے
دل مارو كعبة بنو          رب اهما وسنار چھے

ايمان ني ذكر ما          من كنت نا امر ما
تاٰويل نا نشر ما          حيدر كرار چھے

---

پهار ني طاقة

اسلام ني شان ما — دين نا اعلان ما
ترتيلِ قرآن ما — خمسةِ اطهار چهے

داعي ني توقير ديكهے — مكهرا ني تنوير ديكهے
چادرِ تطهير ديكهے — خمسةِ اطهار چهے

دعوة ني سلطان ما — مملوك ني شان ما
پير حق نا عرفان ما — اُمر نا دلدار چهےؑ

صاحب جو غائب تهيا — داعي اُ نائب تهيا
غائب نا حاجب تهيا — حكمة نا اسرار چهے

كعبة ما دن انے رات — پهيرا پهرے چهے جرسات
غائب چهے كعبة انے — ظاهر تو استار چهے

◆◆◆◆◆◆◆◆◆

امام امرؑ نا فرزند امام طيبؑ

# آج خیرالنسا کا ماتم ہے

آج خیرالنسا کا ماتم ہے
دخترِ مصطفیٰ کا ماتم ہے

جس کو کہتے ہیں فاطمہ زَہرا
آج اس مہ لقا کا ماتم ہے

ہاتھ چھاتی پہ مارو اے یارو
بیگمِ مرتضیٰ کا ماتم ہے

جس کی " اُمِّ اَبیہا" کنیت ہے
آج اُس پارسا کا ماتم ہے

کیوں نہ ہووے جہاں میں شور و بکا
مومنوں فاطمہ کا ماتم ہے

ٹکڑے ٹکڑے جگر کے ہووے نہ کیوں
مادرِ مجتبیٰ کا ماتم ہے

خوں کا دریا رواں ہو آنکھوں سے
اُمِّ گلگوں قبا کا ماتم ہے

جس پہ بعد نبی ہوئے ہیں ستم
اُس اَسیر بلا کا ماتم ہے

واویلا صد واویلا سر پیٹو مجبو واویلا

کرو ماتمیوں یہ کہ کے بکا سر پیٹو مجبو واویلا

## ماتم مولاتنا فاطمہ ع م

یہ غم ہے جنابِ زہرا کا ہے خلق میں ہر جا حشر بپا

سب جن و ملک کرتے ہیں بکا سر پیٹو مجبو واویلا

کہتی ہے زینب رورو کر اماں جی چلے تم چھوڑ کدھر

اٹھتا ہے مادر کا سایہ سر پیٹو مجبو واویلا

حسنین کھڑے چلاتے ہیں زہرا کو غش پہ غش آتے ہیں

اور چین نہیں حیدر کو ذرا سر پیٹو مجبو واویلا

فَمِنْ طَعِينٍ جَرِيْحِ وَمِنْ شَهِيْدٍ طَرِيْحِ
وَمِنْ قَتِيلٍ ذَبِيْحِ صَلْتِ الْجَبِيْنِ صَبِيْحِ
فِي الطَّفِّ بِالصَّحْرَاءِ وَالَهْفَتَا يَا حُسَيْنَا
يَا سَيِّدَ الشُّهَدَاءِ

لِلّٰهِ مِنْ شُهَدَاءِ اَطَايِبٍ سُعَدَاءِ
اَكَارِمٍ فُضَلَاءِ اَمَاثِلٍ نُبَلَاءِ
فِيْ دِيْنِهِمْ حُنَفَاءِ وَالَهْفَتَا يَاحُسَيْنَا
يَا سَيِّدَ الشُّهَدَاءِ

يَا بِاَبِيْ شَبْحُ نُوْرِ قَدْ كَانَ لُبَّ الدُّهُوْرِ
وَبَيْتَ رَبِّ الظُّهُوْرِ خُيُوْلُ قَوْمٍ بُوْرِ
وَطِئْنَهُ بِاعْتِدَاءِ وَالَهْفَتَا يَاحُسَيْنَا
يَا سَيِّدَ الشُّهَدَاءِ

٣٤
اهٍ يَفِيضُ بِي النَّفَس
يَزُوْلُ مِنِّي كُلُّ حِس
اِذْ بِالشَّقَاءِ قَدْ جَلَس
نَجِسٌ عَلى صَدْرِ قُدُس
اَبْكِيكَ مَوْلَايَ الحُسَيْن اَفْدِيْكَ مَوْلَايَ الحُسَيْن
مَوْلَايَ مَوْلَايَ الحُسَيْن

٣٥
اهٍ بِخَنْجَرٍ كَلِيْل
حُلْقُوْمَ مَوْلَايَ الْجَلِيْل
يَضْرِبُهُ النَّذْلُ الرَّذِيْل
لَمْ يَمْضِ مِنْ سِرِّ الْجَلِيْل
اَبْكِيكَ مَوْلَايَ الحُسَيْن اَفْدِيْكَ مَوْلَايَ الحُسَيْن
مَوْلَايَ مَوْلَايَ الحُسَيْن

٣٦
قَالَ لَهُ الحُسَيْنُ قُمْ
فَلَمْ يَجِدْ بِمَا حَكَم
بُدًّا وَ قَامَ مَنْ ظَلَم
وَخَابَ فِيمَا قَدْ عَزَم
اَبْكِيكَ مَوْلَايَ الحُسَيْن اَفْدِيْكَ مَوْلَايَ الحُسَيْن
مَوْلَايَ مَوْلَايَ الحُسَيْن

ذِكرُ الحُسَينِ خَيرُ زادِ الذّاكِرِين
يا فَوزَ قَومٍ ذاكِرِينَ شاكِرِين
اَبكى مُصابُهُ جَميعَ الطّاهِرِين
فَابكُوهُ يا اَهلَ الوَلاءِ الظّافِرِين
ذِكرُ الحُسَينِ خَيرُ زادِ الذّاكِرِين

وَاللهِ ذِكرُهُ عَظيمُ النِّعمَةِ
فَاِنَّهُ يُحيي بَلِيَّ الرِّمَّةِ
كَجَدِّهِ فَهوَ وَسيعُ الرَّحمَةِ
اَطيِب بِهِ مِن نُشرَةٍ لِلنّاشِرِين
ذِكرُ الحُسَينِ خَيرُ زادِ الذّاكِرِين

اِختارَ سِبطُ المُصطَفى الشَّهادَة
في سَجدَةٍ كامِلَةِ العِبادَة
وَحالَةٍ داعِيَةِ السِّيادَة
بِها فَكاكُ الأَوَّلِينَ الآخِرِين
ذِكرُ الحُسَينِ خَيرُ زادِ الذّاكِرِين

| | |
|---|---|
| تو سبط مصطفی پر رو | تو ابن مرتضی پر رو |
| شهيد کربلا پر رو | قتيل اشقياء پر رو |

تو زهراء نا پسر پر رو
ائمة نا پدر پر رو

| | |
|---|---|
| عجب کربل ني محنة چهے | نبي جه که عترة چهے |
| يه سروے پر مصيبة چهے | گهني مهوٹي رزية چهے |

ملائك جن انے انساں
چهے روئي يه اوپر هراں

پکاری شانہ ہلا کے مادر اٹھو سکینہ سحر ہوئی ہے

نہ روٹھو غمگین ماں سے دلبر، اٹھو سکینہ سحر ہوئی ہے

اٹھو کے عباس آ رہے ہیں، وہ بھر کے مشکیزہ لا رہے ہیں

نہ ظلم ڈھائیگا کوئی تم پر، اٹھو سکینہ سحر ہوئی ہے

نہ کوئی ماریگا تازیانے نہ آئیگا اب کوئی ستانے

نہ شمر لیگا تمہارے گوہر، اٹھو سکینہ سحر ہوئی ہے

قفص میں یوں ہم سے منھ نہ موڑو، رہو نہ خاموش کچھ تو بولو

نہ پاس اکبر ہے اور نہ اصغر، اٹھو سکینہ سحر ہوئی ہے

نہ کمسنی میں سکون پایا، اٹھا ہے سر سے پدر کا سایہ

یہی تھا بیٹا تیرا مقدّر، اٹھو سکینہ سحر ہوئی ہے

تڑپ کے فرقت میں اب نہ رونا، پدر کے سینے پہ جا کے سونا

بلانے آئے ہیں تم کو سرور، اٹھو سکینہ سحر ہوئی ہے

نہ لڑکھڑاؤگی راستوں میں ، رسن بندھیگی نہ بازوؤں میں
نہ سر برھنہ پھروگی در در ، اٹھو سکینہ سحر ہوئی ہے

پدر سے تم کو چھڑانے والے ، اور ہم کو در در پھرانے والے
نہ بخشوائینگے روزِ محشر ، اٹھو سکینہ سحر ہوئی ہے

سر کھولے اپنے لال کو روتی ہے فاطمہ
عاشور میں حسین کو کھوتی ہے فاطمہ

زہرا کے پھول کربل میں کملا کے رہ گئے
بن پانی تپتی دھوپ میں مرجھا کے رہ گئے
منظر یہ دیکھ دیکھ کے کڑھتی ہے فاطمہ

یا رب یہ میرے بچے کا کیا حال زار ہے
زخموں سے چور جسم ہے دل بے قرار ہے
رو رو کے یہ دہائیاں دیتی ہے فاطمہ

ہنگام عرش پر ہے تلاطم ہے فرش پر
سجدے میں کٹ رہا ہے جو سبط نبی کا سر
گودی میں اپنے لال کو لیتی ہے فاطمہ

سر طشت میں حسین کا اور تخت پر یزید
زینب کا سر کھلا ہوا دربار میں تھی عید
خطبہ بھی ایسا جیسے کے پڑھتی ہے فاطمہ

زہرا تڑپ کے روئے گی میدان حشر میں
تن پہ پسر کے سر نہیں میدان حشر میں
اور غم سے نعرہ آہ کا بھرتی ہے فاطمہ

عالی قدر اُس مجلس کی داعی ہو جلوہ گر
تختِ حسین پر ہو اور غم کرتے ہو نشر
اُس مجلس حسین میں ہوتی ہے فاطمہ

سیف الہدیٰ کا واسطہ رب سے دعا یہ کر
زہرا کی قبر پر ہمیں جانا نصیب کر
اب دیکھے کب قبول یہ کرتی ہے فاطمہ

يا حُسَينا پر همیں قربان چھے قربان چھے

يا حُسَينا ني نِداء ايمان ني پهچان چھے

يا حُسَينا پر همیں قربان چھے قربان چھے

جاش نا ثابت چھے بیٹھا جھاڑ نے ٹیکو دئي

٢٢ ته سبب روشن تھيو وه بَيْعَةُ الرِّضوان چھے

يا حُسَينا پر همیں قربان چھے قربان چھے

زخم پر چھے زخم لاگا جسمِ اَطهر نا اوپر

٢٣ تھر تھرے اھنا بياں سي دِين نا اركان چھے

يا حُسَينا پر همیں قربان چھے قربان چھے

زور سي ٹھوکر نے ماري شمر سينه پر چڑھو

٢٤ نے بھرو داڑھي اوپر قبضه عجب عُدوَان چھے

يا حُسَينا پر همیں قربان چھے قربان چھے

شمر يه بُوٹھي چھري پھيري حُسَيني حَلق پر

٢٥ جه نبي ني بوسه گه سه روز سي عَطشان چھے

يا حُسَينا پر همیں قربان چھے قربان چھے

## حُزْنٌ أَذَابَ جَوَانِحِيْ وَفُؤَادِيْ
## وَأَسَالَ دَمْعِيْ مِثْلَ فَيْضِ الْوَادِيْ

امام حسین ؑ نا حزن یر مارا کلیجہ نے جلاوي دیدو انے مارا دل نے پگھلاوي دیدو ، انے
وادي نا سیلاب ني مثل مارا آنسوں نے جاری کري دیدو

لَمَّا ذَكَرْتُ بَنِي النَّبِيِّ مُحَمَّدٍ
وَمُصَابَهُمْ بِأَكُفِّ آلِ زِيَادِ

ماري یہ حالة سوں کام چھے کہ نبي محمد صلع نا شهزادهؤ انے یہ سگلا ني مصيبة یاد آوي جائے
چھے کہ جہ آل زیاد لع نا ھاتھو سي یہ سگلا نے پہنچي چھے.

قَتَلُوا الْحُسَيْنَ ابْنَ الْوَصِيِّ وَنَجْلَهُ
سِبْطَ النَّبِيِّ الْهَاشِمِيِّ الْهَادِيْ

(آل زیاد) یہ وصيؑ نا شهزاده ، هداية نا آپنار النبي الهاشمي صلع نا نواسا حسینؑ انے
انے آپ نا فرزندو نے قتل کیدا.

يَا يَوْمَ عَاشُوْرَا، لَقَدْ هَيَّجْتَ لِيْ
أَسَفًا يُرَدِّدُ لَوْعَتِيْ وَسُهَادِيْ

اے عاشوراء نا دن ! تمیں یہ مارا پچھتاوا نے اُبھارو چھے ، اھوو پچھتاؤ کہ جہ مارا درد نے
زیادة کرے چھے انے مارا اُجاگرا نے زیادة کرے چھے.

أَبْكِي عَلَى الرَّأْسِ الشَّرِيْفِ وَنَقْلِهِ
لِيَزِيْدَ، مَحْمُولاً عَلَى الأَعْوَادِ

آپ نا شريف رأس پر، جرنے بهالاؤني نوك پر يزيدعني طرف لئي جاوا ما آيا - تنر پر ميں بكاء كروں چهوں.

أَبْكِي عَلَى الْعَبَّاسِ إِذْ مَنَعُوهُ أَنْ
يَسْقِي أَخَاهُ وَقَدْ أَتَى بِمَزَادِ

ميں عباس (علمدار) پر رڑوں چهوں، جرنے دشمنو ئے آپ نا بهائي حسين نے پاني پلاواسي روكا، وه حالة ما كه آپ مشكي لئي نے آيا تها.

وَكَذَاكَ زَيْنَ الْعَابِدِيْنَ مُصَفَّدًا
نَفْسِي الْفِدَاءُ لِأَفْضَلِ الْعُبَّادِ

انے ييرج مثل زين العابدين ع نے بندي وان كيدا،
مارو نفس يہ افضل العُبّاد پر فداء چهے.

یہ تو مظلوم کا ماتم ہے کم نہ ہوگا
یہ تو شبیر کا ماتم ہے کم نہ ہوگا

دشت میں ہوگا ، کوہ میں ہوگا
خَلوت میں ، اَنبوہ میں ہوگا
ہر مومن کے گھر میں ہوگا، یہ تو مظلوم...

دَشت میں دَر میں ، بِحر میں بر میں
غنچہ و گل میں ، شاخ و شجر میں
اَبر و شرَر میں، شمس و قمر میں، یہ تو مظلوم...

ذکرِ شہیداں سب کو سنا دیں
آہ و بکا سے درد جگا دیں
ماتم سے دنیا کو ہلا دیں ، یہ تو مظلوم...

ہائے علی اکبر کی جوانی
ششماہ کی تشنہ دہانی
تین دنوں سے بند تھا پانی ، یہ تو مظلوم...

کعبے کی دیوار میں ہوگا
مینا کے بازار میں ہوگا
جنت کے گلزار میں ہوگا ، یہ تو مظلوم...

دیکھو عزا کے اس پرچم کو
نوح و عویل آہِ پیہم کو
غم خواری کو اور ماتم کو ، یہ تو مظلوم...

مولی مفضل گریہ کناں ہے
آنسوؤں کا دریا رواں ہے
غم میں ڈوبا سارا جہاں ہے ، یہ تو مظلوم...

سجدوں میں پہلا سجدہ جانِ زہرا کا سجدہ
وہ سجدہ مقتل والا واویلا صد واویلا

دریا کی موجیں تڑپی سنتے ہیں فوجیں تڑپی
کسنے یہ پانی مانگا واویلا صد واویلا

چشم زینب تھی پرنم دل کی دھڑکن تھی مدّھم
خوں بنکے آنسو ٹپکا واویلا صد واویلا

وہ لاشوں کی پامالی عترت کی وہ بے حالی
وہ بحر و بر کو سکتا واویلا صد واویلا

گودی سے بچے چھوٹے دن میں بھی تارے ٹوٹے
سورج تھراتا ڈوبا واویلا صد واویلا

خیموں میں اٹھے شعلے ظلم و بدعت کے شعلے
دن پر اندھیارا چھایا واویلا صد واویلا

وہ یثرب کی شہزادی اور کوفے میں فریادی
آنکھوں نے یہ کیا دیکھا واویلا صد واویلا

سر پہنچے دین داروں کے تحفوں میں درباروں کے
ایک ایسا وقت بھی آیا واویلا صد واویلا

## کربلا میں آج تو قیامت ہے

کربلا میں آج تو قیامت ہے
آج امام حسین کی شہادت ہے

جسکو کاندھے پر نبی چڑھاتے تھے
جسکا جھولا جبریل جھلاتے تھے
آج اُسکی دیکھئے کیا حالت ہے

چکی پیس کر ماں نے پالا تھا
جو علی کے گھر کا اُجالا تھا
اُس سے کیوں لعینوں کو عداوت ہے

ایک سجدے میں نماز ادا ہوگی
آہ پھر تو گردن جدا ہوگی
آج شہ کی آخری عبادت ہے

مومنین شاہ کا کرو ماتم
شہ کے غم میں آنکھ کو کرو پر نم
شہ کا غم ہمارے پاس امانت ہے

حسین حسین ، حسین حسین

شہید کربلاء حسین ، مظلوم کربلاء حسین ، سبط پیمبر حسین ،

روح مصطفی حسین ، روح مرتضی حسین ،

فاطمۃ زہراء حسین ، حیدر قرار حسین ،

شبیر وشبر حسین ، عابد بیمار حسین ،

ساقي کوثر حسین ، عباس علم دار حسین ، یاحسین یاحسین

پنجتن ماتم ـ یا محمد ـ یا حسین ، یا علي مولی ـ حیدر مولی ....یا فاطمۃ ـ یا علي ....حسن حسین ـ امام حسین....یاسیدي ـ یاعباس....یا سیدۃ ـ یازینب....یا حسین!

# ٨ محرم الحرام

## عالم ايمان

عام خيرات حسنة

سنة ١٤٤٥هـ

| رقم | ترتيب | كلام | |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | **٨ محرم الحرام – المجلس السابع** | |
| رقم | ترتيب | كلام | |
| ١ | قصيدة مباركة | فزت فوزا اذ انادي ياعلي | Audio |
| ٢ | المرثية المباركة | يا سيد الشهداء | |
| ٣ | المرثية المباركة | فلك الحسين بكربلاء | |
| ٤ | المرثية المباركة | ذكر الحسين خير زاد الذاكرين | |
| ٥ | نصيحة | جـر كوئي بشر ني اْنكهـ تهي اْنسو جهما كرے | Audio |
| ٦ | سلام | جهو لو معصوم تشنه دہن جهولنا | Audio |
| ٧ | المرثية المباركة | يا حسينا پر هميں قربان چهے قربان چهے | |
| ٨ | مدح | شان تيري واه واه خوب پياري لگي | Audio |
| ٩ | ماتمي نوحه | آج مولى علي كا ماتم هے / واويلا صد واويلا / محراب ما حيدرن ے مارا | |

| رقم | ترتيب | كلام | |
|---|---|---|---|
| | | **رات ني مجلس – بيتهي نے** | |
| رقم | ترتيب | كلام | |
| ١ | المرثية المباركة | يا سيد الشهداء / فلك الحسين/ ذكر الحسين | |
| ٢ | نصيحة غراء | چلو اے پيارا عزيزو چلو | Audio |
| ٣ | سلام | كہا رو رو كے زينب نے /<br>جب خيمے ميں رخصت كو | Audio<br>Audio |
| ٤ | ماتمي نوحه | وا محمده وامصيبتا | |
| ٥ | ماتمي نوحه | صحرائے كربلا ميں اب عصر كي گهڑي ہيں | Audio |

| رقم | ترتيب | كلام | |
|---|---|---|---|
| | | **رات ني مجلس – كهڑا رهي نے ماتم** | |
| رقم | ترتيب | كلام | |
| ١ | المرثية المباركة | يا حسينا پر همیں قربان چهے قربان چهے | |
| ٢ | عربي قصيدة | انّ ذكر الحسين يدوم | Audio |
| ٣ | ماتمي نوحه | كيسا قيامت خيز يہ منظر زينب نے ديكها | Audio |
| ٤ | ماتمي نوحه | سلامي ہو غمِ سرور ميں گرياں آج كل پرسو | Audio |
| ٥ | ماتمي نوحه | بہتر اِس طرف ہے اُس طرف لاكهو كا لشكر ہے | |
| ٦ | ماتم | حسين حسين حسين حسين....شهيد كربلاء حسين.... | |
| ٧ | ماتم | پنجتن ماتم – يا محمد ياحسين.... | |

قصيدة مباركة التجائية

للداعي الاجل العلامة النحرير سيدنا عالي قدر مفضل سيف الدين

طول الله عمره الشريف الى يوم الدين

# فُزتُ فَوزًا اِذ اُنادِي يا عَلِي

وهي

## فوز عظيم بالنداء يا علي يا علي

سنة ١٤٤٤

عام اكمل الخيرات

سنة ١٤٤٤

بسم الله الرحمن الرحيم

فُزْتُ فَوْزًا اِذْ اُنَادِيْ يَاعَلِي ١
فَاُنَادِيْ بِاجْتِهَادِيْ يَاعَلِي

يا علي ني نداء ميں جه وقت بلند كروں چھوں تو يقينا ميں فوز عظيم حاصل كروں چھوں ، ته سي ميں گهنا ولوله سي ، ماري پورے پوري طاقة سي ـ يا علي ني نداء بلند كروں چھوں .

اَنْتَ تَسْقِيْ شُرْبَةً مِنْ كَوْثَرٍ ٢
بِالْتِذَاذِ مَنْ يُنَادِيْ يَاعَلِي

اے علي ! جه شخص يا علي ! ني نداء ني لذة حاصل كرے چھے ،

اهنے آپ كوثر نا جام پلاؤ چھو .

فِي حَرَاكِي وَسُكُونِي ذَا النِّدَا

٣ ءُ غَدَا خَيْرَ اعْتِيَادِي يَا عَلِي

يا علي ني نداء ماري هر حركة انے سكون ما ماري بھلي عادة چھے ، ميں مارا قيام انے قعود نا نزديك يا علي ني نداء بلند كرتو رهوں چھوں .

---

اِسْمُكَ الْأَعْلَى إِلَيْهِ دَائِمًا

٤ فِي الْمُهِمَّاتِ اسْتِنَادِي يَا عَلِي

اے علي ! هميشه تمام مهمات ( سخت امور ) ما آپ نا اسمِ گرامي ني طرف ميں سهارو لؤں چھوں ، انے يا علي كهوں چھوں .

---

كَمْ وَكَمْ يَسَّرْتَ عُسْرًا مُعْضِلًا

٥ وَاهِبًا لُطْفَ الْأَيَادِي يَا عَلِي

اے علي ! آپ يه كئينك سخت مشكلو نے آسان كيدي چھے ،

انے آپ يه كئينك لطيف نعمتو نے عناية كيدي چھے .

كَمْ وَكَمْ نَفَّسْتَ كَرْبَ الْقَائِلِ ٦

اَنْتَ حَسْبِيْ وَاعْتِمَادِيْ يَا عَلِي

اے علي! آپ ہر کئینك غم زده نے غم سي چھڑایا چھے، ہر جر وقت ایم کہے چھے کہ:

علي مارا سہارا چھے، انے علي مارا آسرا چھے - تو اهنے آپ ترت وار آپو چھو.

---

اَنْتَ مَوْلَايَ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْ ٧

نَ وَلِيِّيْ وَعِمَادِيْ يَا عَلِي

اے علي! اے مارا مولی! اے امیر المؤمنین!

آپ مارا ولي چھو، انے مارا آسرا چھو.

---

اَنْتَ قَاضِيْ دَيْنِ طٰهٰ حَافِظًا ٨

شَرْعَهٗ حَتْفُ الْاَعَادِيْ يَا عَلِي

اے علي! آپ رسول الله صلع نی شریعة نی حفاظة کري نے رسول الله صلع نا

دَیْن نے اداء نا کرنار چھو، دشمنو نے هلاك نا کرنار چھو.

لَا فَتىٰ اِلَّاكَ اِذ وَا سَيْتَهٗ

٩ مُعْلِنًا قَالَ المُنَادِيْ يَاعَلِي

اے علي ! جه وقت آپ يه رسول الله صلع نے ( احد ني جنگ ما ) ياري ديدي ، تو منادي ( جبرئيل ) يه آ مثل نداء ديدي كه

"لا فتى الا علي ، لا سيف الا ذو الفقار" .

---

بَابَ عِلْمِ المُصْطَفىٰ كَوْثَرَهٗ

١٠ اَجْرِ بِالْفَيْضِ وِهَادِيْ يَاعَلِي

اے علي ! اے نبي مصطفى صلع نا علم نا مدينة نا باب ، انے رسول الله صلع نا كوثر ! آپ ماري واديو نے فيض سي بھري دئيے .

---

نَصَّ فِيْ خُمٍّ عَلَيْكَ المُصْطَفىٰ

١١ اَجَلَ سِرٍّ فِي المَبَادِيْ يَاعَلِي

اے علي ! شروع ما جه بنو - يه سر نا خاطر نبي مصطفى صلع يه غديرخم موضع ما آپ پر نص كيدي .

مَنْ يُوَالِيْكَ يُوَالِيْهِ الْاِلٰ ١٢

ـهُ يُعَادِيْ مَنْ تُعَادِيْ يَاعَلِي

اے علي ! جہ آپ ني ولاية كرے چھے ، اهنے خدا محبة كرے چھے ،

انے جہ نے آپ عداوة كرو چھو ، اهني عداوة خدا كرے چھے .

---

كُفُوْكَ الزَّهْرَاءُ مَنْ قِيْلَ لَهَا ١٣

فَادْخُلِيْ ضِمْنَ عِبَادِيْ يَاعَلِي

اے علي ! آپ نا دلهن مولاتنا فاطمة الزهراء صع چھے ، جہ نا واسطے خدا يہ سورة الفجر

ما ايم فرمايو ، كہ "فَادْخُلِي فِي عِبَدِى" ، تميں مارا عباد ما داخل تهئي جاؤ .

---

يَا اَبَا السِّبْطَيْنِ مَنْ ذِكْرُهُمَا ١٤

نُوْرُ عَيْنِيْ وَفُؤَادِيْ يَاعَلِي

اے علي ! اے حسن حسين نا باواجي صاحب ! يہ بيوے ـ امام حسن صع

انے امام حسين صع ني ذكر ماري آنكھ انے مارا دل نو نور چھے .

وَبنُوكَ الطُّهرُ نسلُ المُصطفى

١٥ بِهِم دامَ اعتِضادِي يا علي

اے علي ! آپ نا شهزاداؤ ائمة طاهرين ص ع ـ رسول الله صلع نا شهزاداؤ چھے ، میں هميشہ يہ سگلا سي ياري طلب كروں چھوں .

---

اِنَّنِي عبدُ بنِيكَ الغُرِّ نظ

١٦ رتُهُم اَقصى مُرادِي يا علي

اے علي ! میں ـ آپ نا روشن شهزاداؤ جہ سگلا آل محمد ص ع چھے ، اهنو مملوك چھوں ، يہ سگلا ني ايك نظر ـ ماري اقصى ( نهاية ) اُميد چھے .

---

عِلمُكَ المخزُونُ فِي السِّلمِ هُدا

١٧ يَ وَسَيفِي فِي جِهادِي يا علي

اے علي ! آپ نا علمِ مخزون سي میں صلاح واسطے هداية لؤں چھوں ،

انے يہ علم مخزون جهاد ما ماري تلوار چھے .

شَمْسُ قَلْبِيْ بَدْرُ عَقْلِيْ أَنْتَ يَا ١٨

رُوْحَ نَفْسِيْ وَاعْتِقَادِيْ يَا عَلِيْ

اے علي ! اے مارا جان نا روح ! انے اے مارا عقيدة نا روح !

آپ مارا دل نا سورج چھو ، انے ماري عقل نا چندرماں چھو .

---

اِنَّمَا فِيْ مَبْدَئِيْ حُبُّكَ ذُخُ ١٩

رِيْ وَحِرْزِيْ فِيْ مَعَادِيْ يَا عَلِيْ

اے علي ! آپ ني محبة مارا مبدأ ما مارو ذخر چھے ،

انے مارا معاد ما مارو حِرز چھے ، تعويذ چھے .

---

زُرْتُ بِالْاَكْبَابِ مَثْوَاكَ الَّذِيْ ٢٠

هُوَ فِي الْجُلّٰى سِنَادِيْ يَا عَلِيْ

اے علي ! ماتھو انے کھبا جھکاؤتا ھوا ميں يہ آپ ني قبر مبارك ني زيارة كيدي

چھے ، جہ قبر مبارك عظيم امر ما مارا آسرا چھے .

زُرْتُ مَثْوى نَجْلِكَ الْمَقْتُولِ مَنْ
21 هُوَ بُرْهَانُ التَّفَادِيْ يَاعَلِي

اے علي ! میں یہ آپ نا شهزادہ حسین ص ع ـ جہ نے دشمنو یہ ظلم کری نے قتل کیدا چھے ، اهني قبر مبارك ني زيارة كيدي چھے ، جہ مولی دين نا خاطر ـ فداء کیم تھا وو جوئیے ، اهنا واسطے برهان چھے .

---

قَتَلَتْهُ اُمَّةُ السَّوْءِ الَّتِيْ
22 اَعْطَشَتْهُ فِي الْبَوَادِيْ يَاعَلِي

اے علي ! یہ مولی حسین ص ع نے بد اُمة یہ قتل کیدا ، جہ بد اُمة یہ آپ نے صحراء ما ـ جہ جگہ ما پاني هتو ـ یہ جگہ ما آپ نے پیاسا راکھا .

---

ذِكْرُمَا لَاقَاهُ مِنْ اَرْزَائِهٖ
23 فِي امْتِحَانَاتِيْ عَتَادِيْ يَاعَلِي

اے علي ! سيد الشهداء حسین ص ع نے جہ جہ مصیبتو پہنچي چھے ـ اهني ذکر نا سبب مارا هر امتحان ما منے كاميابي واسطے قوة ملے چھے .

اِذْ نُنَادِيْ يَا حُسَيْنَا يَا حُسَيْن ٢٤
مُسْتَعِيْنِيْنَ نُنَادِيْ يَا عَلِي

اے علي ! همیں جه وقت یا حسین یا حسین ني نداء بلند کریئے چھے ،
ته وقت یا علي ني نداء بلند کري نے یاري طلب کریئے چھے .

---

قَاصِدًا بَابَكَ قَدْ لُذْتُ بِهٖ ٢٥
اِنَّهٗ بَيْتُ رَشَادِيْ يَا عَلِي

اے علي ! میں آپ نا در پر سهارو لیتا هوا آیو چھوں ،
یه ج در مارا واسطے هداية نو گھر چھے .

---

فَتَقَبَّلْ سَجَدَاتِيْ مُحْسِنًا ٢٦
مَعْ تَسَالِيْمِ وِدَادِيْ يَا عَلِي

اے علي ! میں محبة سي تسلیم کروں چھوں ، سجدہ بجاؤں چھوں ،
یه آپ احسان کرینے قبول کري لیئے .

اِمْلَأَنْ مِزْوَدَ مَنْ زَارَ ضَرِيْ

٢٧ حَكَ خَيْرًا مَعْ مَزَادِيْ يَا عَلِي

اے علي! آپ ني ضريح مبارك ني زيارة كروا جراوے،

اهني مشكي نے ماري مشكي نا ساتھ آپ خيرسي بھري دئيے.

---

اَنْتَ لِيْ فِيْ سَفَرِيْ ذَا مَدَدِيْ

٢٨ فَاتَّخَذْتُ الشُّكْرَ زَادِيْ يَا عَلِي

اے علي! ماري آ دراز سفر ما آپ مارا مدد كرنار چھو،

تو آپ نو شكر كروو۔ يج مارا واسطے توشہ چھے.

---

اِفْتَحِ الْفَتْحَ الْمُبِيْنَ الْمُرْتَجٰى

٢٩ عَجِّلَنْ كَشْفَ الْعَوَادِيْ يَا عَلِي

اے علي! آپ فتح مبين كري دئيے، جرني هميں اُميد كريئے چھے،

انے شتابي سي مصيبتو نے كشف كري دئيے.

اَطْلِعَنْ شَمْسَ الْفُتُوحَاتِ بِهَا ٣٠

اِمْسَحَنْ كُحْلَ سُهَادِي يَا عَلِي

اے علي ! فتوحات نا سورج نے آپ اُگاویئے،

انے اهنا سي مارا اُجاگرا نا سرمہ نے دور كري دئيے .

---

رِقُّ اَبْنَائِكَ اٰلِ الْمُصْطَفٰى ٣١

لَمْ يَزَلْ خَيْرَ قِلَادِي يَا عَلِي

اے علي ! آپ نا شهزاداؤ جہ رسول الله صلع نا شهزاداؤ چھے،

يہ سگلا ني عبودية هميشہ مارا واسطے خير قلادة رهيو چھے .

---

تُرْعَةٌ فِيْهَا الْمَقَامُ الْعَلَوِ ٣٢

يُّ غَدَتْ خَيْرَ بِلَادِي يَا عَلِي

اے علي ! وہ جنة ني ٹيكري جهاں مقام علوي (آپ نا شهزاده حق نا امام صع)

تشريف راكھے چھے، يہ مارا واسطے خير ما خير شهر چھے .

فِیْ قِیَامِیْ وَقُعُوْدِیْ وَسُجُوْ
دِیْ اُصَلِّیْ فَاُنَادِیْ یَا عَلِیْ

اے علي ! مارا قیام ما ، مارا قعود ما انے مارا سجدۃ ما میں صلوات پڑھوں چھوں ، دعاء کروں چھوں ، تہ وقت ایم نداء کروں چھوں کہ "یا علي !" .

هَلْ مُؤْمِنٌ يَتَسَلّىٰ        أَهَلْ كَهٰذِي جُلّىٰ
رَأْسُ الْحُسَيْنِ مُعَلّىٰ        عَلَى السِّنَانِ، تَجَلّىٰ
لَأْلَاؤُهُ كَذُكَاءِ        وَالَهْفَتَا يَاحُسَيْنَا
يَا سَيِّدَ الشُّهَدَاءِ

يَالَهْفَتَا فِي الطَّسْتِ        رَأْسُ إِمَامِ الْوَقْتِ
وَالضِّدُّ فَوْقَ التَّخْتِ        يَنْكُتُ هُزْءًا بِنَكْتِ
ثَغْرًا لَهُ ذَابَهَاءِ        وَالَهْفَتَا يَاحُسَيْنَا
يَا سَيِّدَ الشُّهَدَاءِ

اِبْكُوا فَهٰذَا الرَّسُوْلُ        يَبْكِيْ وَهٰذِي الْبَتُوْلُ
وَذَا اَبُوْهُ الْجَلِيْلُ        وَذَا اَخُوْهُ النَّبِيْلُ
فِيْ زُمَرِ الْاَنْبِيَاءِ        وَالَهْفَتَا يَاحُسَيْنَا
يَا سَيِّدَ الشُّهَدَاءِ

٣٧
لَدى المُهِمّاتِ بَدا
كَحَيدرٍ يَحْمِي الهُدى
ارغَمَ انْفَ مَنْ عَدا
بِسَجْدَةٍ اِذْ سَجَدا
ابكِيكَ مولاي الحُسين      افْدِيكَ مولاي الحُسين
مَولاي مَولاي الحُسين

٣٨
يا سَجْدَةً سَجَدَ الحُسَيْن
وَ دَعا بِما قَصَدَ الحُسَيْن
وَ وَفى بِما وَعَدَ الحُسَيْن
وَ شَهادَةً وَجَدَ الحُسَيْن
ابكِيكَ مولاي الحُسَيْن      افْدِيكَ مولاي الحُسَيْن
مَولايَ مَولايَ الحُسَيْن

٣٩
بِوَعْدِ جَدِّهِ وَفى
فَدى بِاِخْوانِ الصَّفا
وَ رَأْسَهُ مِنَ القَفا
قَدْ جَزَّ ظُلْماً مَنْ جَفا
ابكِيكَ مولايَ الحُسَيْن      اَفْدِيكَ مولايَ الحُسَيْن
مَولايَ مَولايَ الحُسَيْن

تبْكِي الْبَتُولُ حُرْقَةً أكْبادَهَا
وَهْيَ تنُوحُ أسَفًا أوْلادَهَا
أسْبَاطَهَا تنْدُبُهُمْ أحْفادَهَا
لِقَتْلِهِمْ عَطْشَى بِجَوْرِ الْجَائِرِيْنْ
ذِكْرُ الْحُسَيْنِ (ع) خَيْرُ زَادِ الذَّاكِرِيْنْ

تُشْعِلُ فِيْنَا جَذْوَةَ التَّلَهُّفِ
تَسْجُرُ فِيْنَا ابْحُرَ التَّأَسُّفِ
تُثِيْرُ فِيْنَا رَعْشَةَ التَّرَجُّفِ
رَزِيَّةٌ حَلَّتْ بِرَأْسِ الصَّابِرِيْنْ
ذِكْرُ الْحُسَيْنِ (ع) خَيْرُ زَادِ الذَّاكِرِيْنْ

نَبْكِيْهِ ذَاكِرِيْنَ كُلَّ مَنْزِلِ
دَبَّرَ فِيْهِ رَفْعَ كُلِّ مُنْزَلِ
فَإِنَّهُ مَعْنَى الْكِتَابِ الْمُنْزَلِ
نُعْمَى عُيُوْنِ الذَّاكِرِيْنَ الْعَامِرِيْنْ
ذِكْرُ الْحُسَيْنِ (ع) خَيْرُ زَادِ الذَّاكِرِيْنْ

جِݨ كوئي بشر ني آنكھ تھي آنسو جَھما كرے هردم وه اهلِ بيت نا غَم ما رهيا كرے
تصوير روڙ سِينه ما وه كربلا كرے خَلوة ما هر گھڑي وه حسيني عزا كرے
دوزخ وه آ قِسم نا بشر پر حرام چھے
محشر نا دِن ضَرور عَدن ما مُقام چھے

سورج نِمط چھے عرش نے كرسي ما تھرتھَري لَوح و قلم ما آه ني آتش چھے هر گھڑي
جِݨ دن تھكي يزيد يه كيدي سِتمگري تھئي كربلاء ما هائے تباه نسلِ حيدري
وِحشة اثر خبر آ سُني نے جهان ما
افسوس ني صدا چھے سدا هر مكان ما

نَوح و بُكاء ضَرور چھے زَهراء نا لال پر چھے سوگواري فَرض شفيعُ المآل پر
خوں ريزي كر جِگر تھي شهيدِ قِتال پر شبير سَرگِروهِ شهادة نا حال پر
قانون جِݨ نا غم نو چھے اَملاك ما تمام
پُشتِ فلك خَميده چھے يه غم تھكي مُدام

جھولو معصوم تشنہ دہن جھولنا

کربلا میں جھلائے بہن جھولنا

بہن کو ننھا سا بھائی جو یاد آتا تھا

لپٹ کے جھولے سے یوں کرتی تھی تڑپ کے بکا

کہاں گیا میرا معصوم ہنسلیوں والا

چھپا ہے کونسی بدلی میں جا کے چاند مرا

او خُدا او خُدا وہ کہاں چل دیا

اب جھلائے گی کس کو بہن جھولنا

کہاں چلے گئے تم ہم کو چھوڑ کر اصغر ۲

نہیں ہو تم تو ہے سُونا تمام گھر اصغر ۲

تمہارے رنج و الم کا ہے یہ اثر اصغر ۲

کلیجہ چاک ہے صد پارہ ہے جگر اصغر ۲

دل کا یہ حال ہے غم سے پامال ہے،
خالی خالی ہے اے گُلبدن جھولنا

حسین آتے جو خیمہ میں سر جھکائے ہوئے
پسر کا ننھا سا لاشہ گلے لگائے ہوئے
عبا کا دامن آلودہ خوں اُٹھائے ہوئے
نگاہ کھوئی ہوئی اشک ڈبڈباتے ہوئے

صرف یہ کہہ سکے اے میرے لاڈلے
اب بنے گا تمہارا کفن جھولنا

ہوئی وداع جو خیمہ سے لاش اصغر کی
کھنچ آئی دیدۂ پُر نم میں جان مادر کی
دکھائے کس کو تڑپ اپنے دلِ مضطر کی
یہ کہہ رہی تھی زباں ماتما کے تیور کی

میرے دل کی قرار جستۂ شیر خوار

قبر میں جا کے اے گُلبدن جھولنا

وفورِ غم سے تڑپتی تھی زینب و کلثوم

پچھاڑے کھاتی تھی خیمہ میں بانوئے مغموم

زباں پہ بس یہ سخن تھا اے قادرِ قیّوم

اندھیری قبر میں گھبرائے گا میرا معصوم

جا کے حورِ جناں دے اُسے لوریاں

اور جھولے مرا خستہ تن جھولنا

ستم ستم مجھے اہل جفا نے لوٹ لیا

بلائیں ٹوٹ پڑیں کربلا نے لوٹ لیا

اجاڑ کر مری گود کو قضا نے لوٹ لیا

میرے شگوفے کو برق فنا نے لوٹ لیا

میرے نورِ نظر میرے لختِ جگر

لُٹ گیا تیرا اے جانِ من جھولنا

پسر کی لاش پہ رو رو کے کہتے تھے شبیرؑ

سپرد روحِ نبیؐ و علیؑ یہ طفلِ صغیرؑ

ہمارے آنے میں بھی اب نہیں ہے کچھ تاخیر

سنبھالے ان کو حسنؑ اور فاطمہؑ دلگیر

جلد آتے ہیں ہم سر کٹاتے ہیں ہم

تا جھلائے اسے پنجتنؑ جھولنا !!

یا حُسَینَا پر همیں قربان چھے قربان چھے

یا حُسَینَا نی نِداء ایمان نی پہچان چھے

یا حُسَینَا پر همیں قربان چھے قربان چھے

دئی نے سجدہ آپ یہ کیدی دعاءِ مستجاب

٢٦ جہ ائمة نے دعاة الستر پر بُرهان چھے

یا حُسَینَا پر همیں قربان چھے قربان چھے

شمر یہ سجدة ما ماتھو جسم سی کید وجُدو

٢٧ سِبطِ پیغمبر نو - جہ وہ بولتا قُرآن چھے

یا حُسَینَا پر همیں قربان چھے قربان چھے

آپ یہ نانا نا وعدہ نے نبھایو هر طرح

٢٨ اول وآخر نا بخشا خُوب سب ارمان چھے

یا حُسَینَا پر همیں قربان چھے قربان چھے

یومِ عاشوراء اُڑھاوی ڈھول نے ماتھا اوپر

٢٩ چھے تھیا ظاهر نبی جہ رحمةُ الرّحمٰن چھے

یا حُسَینَا پر همیں قربان چھے قربان چھے

شان تیری واہ واہ خوب پیاری لگی
وضع نئی ڈھب جدی طرز نیاری لگی

شاہ دیں بخشش تیری نہر سی جاری لگی
اور حلیمی تیری کوہ سی بھاری لگی

دیکھ تیرا فیض یوں کہتا ہے حاتم کا دل
رشک کی آفت مجھے گویا کٹاری لگی

جو کہ ہیں حاسد تیرے دیکھتے ہیں ہم اسے
واں کی تو جانے خدا یاں تو خواری لگی

سیف ہدی شاہ کے وصف سے قاصر ہیں ہم
کیوں کہ نہ یاں مطلقا عقل ہماری لگی

اے میرے سردار ہو طول بقا آپکی
پلنے تیرے فیض سے خلق یہ ساری لگی

عبدؔعلی ہے ترا خادم جنت طلب
اسکو تو جی سے تری جان نثاری لگی

آج مولیٰ علی کا ماتم ہے
مصطفیٰ کے وصی کا ماتم ہے

جس کو کہتے ہیں لوگ شیرِ خدا
اُس علیِ ولی کا ماتم ہے

جس کو بھائی رسول کہتے تھے
اُس نبی کے اَخی کا ماتم ہے

نعرہ ئے آہ کیوں نہ دل سے اُٹھے
جانشینِ نبی کا ماتم ہے

فرش سے عرش تک ہے رونے کا غُل
مظہرِ اَیزدی کا ماتم ہے

جس نے گردن کٹائی سجدے میں
آج اُس مُتقِی کا ماتم ہے

# کوفه ما تھیو آشور و بکاء

کوفه ما تھیو آ شور و بکاء

محراب ما حیدر نے مارا

اوگنیسمي شہر معظم ني — وہ تیغ چلي بن ملجم ني

سجدہ ما ھتا رب نا خاصہ — محراب ما حیدر نے مارا

دیکھي نے فلك بولا حیدر — پہنچي چھے منے سابق آ خبر

بس آج نا دن چھے ماري قضاء — محراب ما حیدر نے مارا

افطار ما لقمہ تین لئي — روٹي نے نمك سي، موكي دھي

تقوی نا دھني یہ آخر ما — محراب ما حیدر نے مارا

آوي نے بطخ لپٹا شہ سي — لے فائدہ آخر مولی سي

بھاري چھے جُدائي نا صدمہ — محراب ما حیدر نے مارا

وہ پارسا آوي مسجد ما — قاتل نے جگایا خُود اپنا

سوتي ھوئي فتنة تھي جہ بجا — محراب ما حیدر نے مارا

تھي تيغ لعيں ني زھر بھري پيچھے تھي وہ قبلہ پاسے دھري
ايك ضرب لگاوي ماتھا ما محراب ما حيدر نے مارا

فُزتُ وربِّ الكعبة كھي قبلہ ما گرا چھے مولى علي
جبريل آ روئي كہتا تھا محراب ما حيدر نے مارا

چھے اسرا ھر اك بےكس نا امداد كرے چھے مشكل ما
گذرا وہ ضعيفو نا ملجأ محراب ما حيدر نے مارا

مؤمن ني شفاعة خاطر تو پھانا پہنا آنو پھاكو
بھولاسے كہاں احساں اھنا محراب ما حيدر نے مارا

برھان ھدى ني كريئسے ولاء داعي چھے علي نا جبر آقا
يہ شہ پہ جاليٓ تھاسے فداء محراب ما حيدر نے مارا

واویلا صد واویلا سر پیٹو مجبو واویلا

کرو ماتمیوں یہ کہ کے بکا سر پیٹو مجبو واویلا

## ماتم مولانا علی مرتضی ص ع

اے مومنو غم یہ علی کا ہے اس غم سے ٹکڑے کلیجہ ہے
ہے دونوں جہاں میں حشر بپا سر پیٹو مجبو واویلا

اب عرش خدا کا گرتا ہے کونین کو غم سے لرزہ ہے
آتی ہے فلک سے بس یہ صدا سر پیٹو مجبو واویلا

اے ماتمیوں اس غم میں اگر جاں اپنی فدا کرے کوئی بشر
بیشک ہے مکیں وہ جنت کا سر پیٹو مجبو واویلا

حسنین یتیم اب ہوتے ہیں جاں اپنی وہ رورو کھوتے ہیں
عباس علی ہیں صرفِ بکا سر پیٹو مجبو واویلا

مسجد میں کیا حیدر کو قتل داماد پیغمبر کو قتل
خوف ایا نہ کچھ قاتل کو ذرا سر پیٹو مجبو واویلا

فَاطِمَةُ الزَّهْرَاءُ تَبْكِيهِ، وَالْخَضْرَاءُ
تَبْكِيهِ، وَالْغَبْرَاءُ وَالدَّعْوَةُ الْغَرَّاءُ
فَابْكُوهُ أَهْلَ الْوَلَاءِ وَالَهْفَتَا يَا حُسَيْنَا
يَا سَيِّدَ الشُّهَدَاءِ

يَا أُمَّةَ السَّوْءِ تَبًّا لَكُمْ، غَدَوْتُمْ إِلْبَا
لِقَتْلِ مَنْ كَانَ قَلْبَا لِلدِّيْنِ، بَلْ كَانَ لُبَّا
مِنْ صَفْوَةِ الْأَصْفِيَاءِ وَالَهْفَتَا يَا حُسَيْنَا
يَا سَيِّدَ الشُّهَدَاءِ

يَا أُمَّةَ السَّوْءِ تَعْسَا لَكُمْ، قَتَلْتُمْ نَفْسَا
زَكَتْ وَطَابَتْ غَرْسَا لَمْ تَنْمُ إِلَّا قُدْسَا
بِنُورِهَا الْوَضَّاءِ وَالَهْفَتَا يَا حُسَيْنَا
يَا سَيِّدَ الشُّهَدَاءِ

٤٠
كَيفَ رَأتهُ زَينَب
وَهوَ يَراها تَرقُبُ
بِدَمِهِ مُخَضَّبُ
وَالرَّأسُ مِنهُ يُشطَبُ
اَبكِيكَ مولايَ الحُسين اَفدِيكَ مولايَ الحُسين
مَولايَ مولايَ الحُسَين

٤١
لِمْ لا الاَراضِي تَرجُفُ
وَالشَّمسُ حُزنًا تَكسِفُ
وَالبَدرُ غَمًّا يَخسِفُ
ذُو قُوَّةٍ يُستَضعَفُ
اَبكِيكَ مولايَ الحُسَين اَفدِيكَ مَولايَ الحُسَين
مَولايَ مولايَ الحُسَين

٤٢
اهٍ لِجِسمِهِ الصَّبِيح
فِي اَرضِ كَربَلا طَرِيح
بِاَرجُلِ الظُّلمِ القَبِيح
مِنْ كُلِّ وِجهَةٍ جَرِيح
اَبكِيكَ مَولايَ الحُسَين اَفدِيكَ مَولايَ الحُسَين
مَولايَ مَولايَ الحُسَين

آهٍ عَلى أصْحابِهِ الغُرِّ الكِرامْ
وَأهْلِ بَيْتِهِ الأفاضِلِ العِظامْ
وَسَيِّداتِ بَيْتِهِ ذِي الاِحْتِرامْ
بِضَوئِهِ كانُوا كَشَمْسٍ سافِرِيْن
ذِكْرُ الحُسَيْنِ (ع) خَيْرُ زادِ الذّاكِرِيْن

أُمَّةُ سَوْءٍ هَتَكُوا لِلحُرَمِ
وَحَرَّمُوا المَاءَ الَّذِي لَمْ يُحْرَمِ
عَلَيْهِ مَعْ أصْحابِهِ وَالحُرَمِ
يا خُسْرَهُمْ مِنْ خائِبِينَ صاغِرِيْن
ذِكْرُ الحُسَيْنِ (ع) خَيْرُ زادِ الذّاكِرِيْن

كَمْ صابَهُ وَقْعُ لِسَهْمٍ مُشْحَذِ
سَهْمٌ عَلى سَهْمٍ أصابَ مُنْفَذِ
حَتّى بِذا قَدْ صارَ مِثْلَ القُنْفُذِ
يا شَبْحَهُ الحاوِيَ صَفْوَ الخائِرِيْن
ذِكْرُ الحُسَيْنِ (ع) خَيْرُ زادِ الذّاكِرِيْن

بسم الله الرحمن الرحيم

چلو اے پیارا عزیزو چلو

علومِ ھُدٰی نا چُني لو گُلو

١ وہ دسمیٖ مُحَرَّم طَرَف بس ولو

حسیني ذکر نا لَني لو پھلو

چلو یہ سي روشن کري لو دِلو

چلو! اے پیارا عزیزو چلو!

چھے عِيدُ الْحُزن ما قيامة ني ياد
كري لو جَمع اهما زادُ المعـاد ٢
شَرِ كـربلاء ني عَزَاء خَـيرُ زاد
يرِ جَنَّة نا گھر نو چھے اقوىٰ عِماد

چلو بس چلواٗ چھے نهجُ الرَّشاد
چلو! اے پيارا عزيزو چلو!

كوئي وقت حسين نہ بھولائي جائي
نے آنسو ني نعمة نہ ليوائي جائي ٣
آ توفيق كوئي سي نہ چھينائي جائي
نے بُستان اهنو نہ كُملائي جائي

چلو آ نداء سب ما پھيلائي جائي
چلو! اے پيارا عزيزو چلو!

حسين ني تهئي كربلاء ما شهادة
٤ چھے اهنا سبب عَيَن سب ني سعادة
نے اهما چھے هر فن ني دَرْسِ قِيادة
پڑے اهنا سي چھے تفادي ني عادة
چلو اهنو ماتم چھے رُوْح عبادة
چلو! اے پيارا عزيزو چلو!

اُ غم ير نبي نے وصي نے رُلايا
٥ انے فاطمة نا كليجه جلايا
لكهي كاغذو كوفيو ير بُلايا
حسين نے موت نا گھونٹو پلايا
چلو اُ سنو كربلاء ني بَلايا
چلو! اے پيارا عزيزو چلو!

رضاءِ الٰهي نے اختيار كيدي
تر خاطر مِيان ما تلوار كيدي ٦
نے دعوة ني واڑي نے هَمْوار كيدي
شياطين ني فوج نے مِسمار كيدي
چلو سب يرٰ وات اقرار كيدي
چلو! اے پيارا عزيزو چلو!

كهجوري نے ٹيكو حسين يرِ ديدو
لعينو يرِ اٰپ نا جسم نے چهيدو ٧
لعين شِمْر يرِ وار خنجر سي كيدو
نے جامِ شهادة حسين يرِ پيدو
چلو روئي لو انے جنة خريدو
چلو! اے پيارا عزيزو چلو!

عجب شان سي سجده کري چھي حسين
دعاؤ سي دامن بھري چھي حسين ٨
هداية نا موتي جڑے چھے حسين
فرشتہ ني صورة گھڑے چھے حسين

چلو بس نظر ما بھرے چھے حسين
چلو! اے پيارا عزيزو چلو!

عُلوم ني ذكرِ حسين چھے لُب
نهيں موکے اهنے جه چھے اهلِ حُب ٩
حصول چھے اهنا سي رضوانِ رب
يه كوثرِ خُلد چھے روحاني طِب

چلو يه ذكر ني طرف مؤمنين سب
چلو! اے پيارا عزيزو چلو!

شروع سي مجالس نے آباد كرجو
دلو نے هـيولىٰ سي آزاد كرجو ١٠
مُحبّو نے هر وقت اِمـداد كرجو
بكاء انے مـاتم نو اِرشاد كرجو
چـلو اپنا هادي نے مِيعاد كرجو
چلو! اے پيارا عزيزو چلو!

آغم چھے نجـاتي نو اَهدَى السَّبِيل
نتهي اهما صبر نو كروو جَميـل ١١
نے جانو خرچوو چھے اهما قليـل
تو ظاهر كري ليجو نَوح وعويل
چـلو پي لو كوثر انے سَلسَبِيل
چلو! اے پيارا عزيزو چلو!

اُ ذکــر سي جانو ني روزي کماؤ
تمارا نفوس ني قِيمَــة بڑھاؤ ١٢
نے قَوۡمِ بَواھِــر ني عِزة ودھاؤ
مَوَالِي نا فرمــان ماتھے چڑھاؤ
چــلو کربلاء ني مجالس سَجاؤ
چلو! اے پیارا عزیزو چلو!

سُنو دل نا کانو سي اے نونہالو
تماري ثَقافــة نے ھر دم سنبھالو ١٣
چھے اپنو طريقــة نِيارو نِرالو
کري ليجو پاك تمارا خــيالو
چــلو اُوينے حل کري لو سؤالو
چلو! اے پیارا عزیزو چلو!

چھے برھانِ دین نا اعلیٰ کلام
بُکاء انے اِبکاء کرو بِالدَّوام ١٤
ایك آنسو بھي نکلے تو تھئي گیو کام
نے تھئي جاسے مؤمن ني حاجة تمام

چلو اھنا اوپر پڑھي لو سلام
چلو! اے پیارا عزیزو چلو!

آ ذکرِ حسین سي دشمن جلے چھے
نے اھني بِناؤ نا پایا ھِلے چھے ١٥
انے مؤمنین ني محبة کِھلے چھے
یہ سب سي بلاؤ ني آفة ٹلے چھے

چلو آخرة ني ھدایة مِلے چھے
چلو! اے پیارا عزیزو چلو!

عَزاء ني مجالس ني اُهبة كري لو
نے اهنا فوائد ما رَغبة كري لو ١٦
مَوَالي كِـرام ني صُحبة كري لو
نے الله تعالى سي قُربة كري لو
چلو سب گناهو سي تَوبة كري لو
چلو! اے پيارا عزيزو چلو!

چھے مارو اپيغـام اے مردو زَن
تمارا ما چھے مارو اُ حُسـنِ ظَن ١٧
كر ذكـرِ حسين كرو رات ودن
جر مولى اوپر رويا چھے اِنس وجِن
چلو اهنا سي هوئي تماري لَگن
چلو! اے پيارا عزيزو چلو!

میں مملوکِ اٰلِ محمّد مفضّل
امامُ الزمـــان چھے مولی مُبجَّل ١٨
جہ مولی ني ذکـــر چھے ذِکرِ مُنزَّل
چھوں اهنا ظُهور نو هر دم مُؤَمِّل

چلو یہ چھے اپني سعادة مُکَمَّل
چلو! اے پیارا عزیزو چلو!

امام الزماں حــق نا سُلطان چھے
اٰ نَفْس ونَفَس یہ پر قُربان چھے ١٩
دعـــاةُ الْهُدٰی اهني بُرهان چھے
یہ سَبْ پر صَلاتو نو فَیضان چھے

چلو اٰ دعـــاتو نو فرمان چھے
چلو! اے پیارا عزیزو چلو!

# کہا رو رو کے زینب نے الٰہی صبح کیا ہوگا

کہا رو رو کے زینب نے الٰہی صبح کیا ہوگا
چلیگا کس پہ خنجر کسکا سر تن سے جدا ہوگا

محمد نے کلیجے پر سلا کے جس کو پالا تھا
تنِ بے سر کل اسکا خاک اور خوں میں بھرا ہوگا

حسین ابن علی کے گھر میں کل شادی رچی ہوگی
دلہن روئیگی دولہا رن میں ریتی پر پڑا ہوگا

لبِ دریا پہ جاکر بھی نہ ایک قطرہ پئیے پانی
بھلا عباس سا کوئی برادر باوفا ہوگا

مجاہد ننھے ننھے کل فدا ہونگے شہ دیں پر
پسر زینب کا بھی ، کوئی حسن کا دلربا ہوگا

چڑھیگا کل تو سر کٹ کے ارے نوک سناں اوپر
تن اطہر شہ دیں کا تو ریتی پر پڑا ہوگا

پلٹ کر دیکھیگی ہر ایک قدم پر لاش بھائی کی
سلامی کیا کہوں کیا حالِ بنت مرتضی ہوگا

بھلا کیا ذکر آلام و مصائب کا کروں اس دم
بس اتنا مختصر کہہ دوں کے کل محشر بپا ہوگا

بقا ہو طول یارب مولی برہان الہدی شہ کی
ہر ایک مؤمن کے دل کا بس یہی ایک مدعا ہوگا

## جب خیمے میں رخصت کو شہ بحروبر آئے

﴿۱﴾

جب خیمے میں رخصت کو شہ بحروبر آئے
چلّائی سکینہ، میرے بیکس پدر آئے
حضرت کو جو ناموسِ پیمبر نظر آئے
روکر کہا ہم قبر میں اصغر کو دھر آئے

یاور کوئی جُز بیکسی و یاس نہیں ہے
اصغر بھی گئے اب تو کوئی پاس نہیں ہے

﴿۲﴾

غم ہے کہ یہ کس طرح جیے گی میری دختر
اصغر کو لیے گود میں پھرتی تھی وہ دن بھر
بہلائے گی دل کس سے کہ مارے گئے اصغر
اب اور یتیمی کی بلا آتی ہے سر پر

کون اُس کے بھلا ناز اُٹھائے گا میرے بعد
چھاتی پہ بھلا کون سلائے گا میرے بعد

﴿۳﴾

افسوس میری پیاری یہ اب ہوئے گی بے داد
دُر کے لیے ماریں گے طمانچے ستم ایجاد
چلّائے گی لے لے کے میرا نام وہ ناشاد
مَر کر بھی غم و رنج سے ہم ہوں گے نہ آزاد

ہیہات گلا باندھے گا جب شمر رسن میں
لاشہ میرا صدمے سے تڑپ جائے گا رن میں

﴿۴﴾

کہہ کر یہ سخن رونے لگے سیّدِ اکرم
ناموسِ محمد میں بپا ہو گیا ماتم
سر پیٹ کے زینب نے کہا اے شہ عالم
کس سے سخنِ یاس یہ فرماتے ہو اِس دم
کچھ میری بھی ہے فکر جو سر دیتے ہو بھائی
ہے ہے مجھے مرنے کی خبر دیتے ہو بھائی

﴿۵﴾

بابا نہیں ، امّاں نہیں ، بیٹے بھی نہیں پاس
پردیس میں ہے کون بجز بیکسی و یاس
اس خواہرِ غم گیں کو فقط آپ کی ہے آس
بعد آپ کے کرنے کا نہیں کوئی میرا پاس
ہر شہر میں سر ننگے میں دل خستہ پھروں گی
صدقے گئی در در میں رسن بستہ پھروں گی

﴿۶﴾

رو کر کہا بانو نے کہ یا سبطِ پیمبر
کچھ ہوش نہیں جب سے گئے ہیں علی اکبر
کس طرح میں چھاتی کو نہ پیٹوں میرے سرور
اکبر ہی کو روتی تھی کہ مارے گئے اصغر
جینے کی نہیں ، دل پہ بڑا رنج و تعب ہے
آقا نے بھی باندی کو جو چھوڑا تو غضب ہے

﴿۷﴾

سجّاد نے حضرت سے کہا تھام کے رقّت
کیا بندے کو مرنے کی نہ دیجے گا اجازت
ہو جاؤ فدا آپ پہ ، پاؤں میں شہادت
بِن آپ کے ہے زیست میرے حق میں قیامت
یہ شدّتِ تپ ، اور یہ تنہائی ہماری
گر آپ نے چھوڑا تو اجل آئی ہماری

﴿۸﴾

سمجھاتے تھے اک ایک کو شہ بادلِ ناشاد
اے بیبیو ! بے فائدہ ہے نالہ و فریاد
بھولو ہمیں اب خالقِ اکبر کو کرو یاد
شاکر رہو ہر دکھ میں کہ حق کا ہے یہ ارشاد
یہ سن کے ہر ایک تکتی تھی شبیر کی صورت
شہ دیکھتے تھے رو رو کے ہمشیر کی صورت

﴿۹﴾

خیمے سے بر آمد ہوے آخر شہِ صفدر
سب بیبیاں ڈیوڑھی پہ رہی کھولے ہوے سر
کیا کیجے بیاں بیکسیٔ صبطِ پیمبر
بیٹا نہ بھتیجا ، نہ علمدار ، نہ لشکر
تھامے جو رکاب آپکی اتنا نہ کوئی تھا
رہوار تھا ، یا راکبِ دوشِ نبوی تھا

﴿۱۰﴾

کس یاس سے ہر چار طرف تکتے تھے سرور
دکھلائی نہ دیتا تھا کوئی مونس و یاور
رو کر کبھی چلّاتے تھے آؤ علی اکبر
دل تھام کے کہتے تھے کبھی ہائے برادر
لو جلد خبر ، بیکس و بے یار ہوں عباس
تم تھامو رکاب آکے تو اسوار ہوں عباس

﴿۱۱﴾

رو رو کے یہ کہتے تھے شہنشاہِ دو عالم
مظلومیئِ شبیر پہ تھا خیمے میں ماتم
ہرگز دلِ زینب کو قرار آیا نہ اُس دم
چلّاتی ہوئی خیمے سے نکلی وہ بصد غم
اے بھائی ! دکھاؤں کسے تنہائی تمھاری
تھامے گی رکاب آج یہ ماں جائی تمھاری

﴿۱۲﴾

شہ نے کہا زینب تیری الفت کے میں قرباں
بھائی کے لیے پردے کا تم کو نہ رہا دھیاں
پھر گھوڑے کے نزدیک گئے سرورِ ذی شاں
رو رو کے کہا ، لو بہن اللہ نگہباں
زینب نے رکھا ہاتھ رکابِ شہ دیں پر
شبیر ہوئے جلوہ نما خانۂ زیں پر

﴿۱۳﴾

لشکر سے بڑھا شمرِ لعیں کھینچ کے خنجر
فریاد ہے چھاتی پہ چڑھا شہ کی ستمگر
زانو سے دبا سینۂ زخمی جو سراسر
اُس وقت لہو منھ سے اگلنے لگے سرور
خنجر کو رکھا شہ کے گلے پر جو لعیں نے
تکبیر کہی کھول کے آنکھیں شہ دیں نے

﴿۱٤﴾

ظالم کو زباں سوکھی دکھائی کئی باری
پانی نہ دیا , ذبح لگا کرنے وہ ناری
جب تک کہ نہ گردن کی رگیں کٹ چکی ساری
تکبیر رہی شہ کی لب خشک پہ جاری
جس وقت جدا ہو گیا سر تیغ سے کٹ کر
خم ہو گیا قبلے کی طرف جسم اُلٹ کر

﴿۱۵﴾

غُل پڑ گیا بے سر ہوا سردار دو عالم
خنجر سے دل و جانِ نبی ہو گیا بے دم
خاموش انیس اب کہ پڑا بزم میں ماتم
اب خالق اکبر سے دعا مانگ یہ اس دم
غیر از غمِ شبیر کوئی غم نہ ذرا دے
یا رب مجھے تو قیدِ تفکر سے چھڑا دے

## وامحمداہ وامصیبتاہ

بنتِ فاطمہ در بدر پھرے — شہ کا سر کٹے رَن میں بے خطا

بنت فاطمہ در بدر پھرے

دیکھ کر جسے مِہر تک چھپے — بے ردا کرے اے فلک اُسے
روحِ مصطفی جانِ مرتضی — بنت فاطمہ در بدر پھرے

دردِ غم سے منہ سب اَٹا ہوا — لے کے بھائی کا سر کٹا ہوا
شِہر شام میں ہو کے بے ردا — بنت فاطمہ در بدر پھرے

سر پے شہ نہیں مجتبی نہیں — مرتضی نہیں مصطفی نہیں
ہو کے بے نوا ہو نہ کیوں بھلا — بنت فاطمہ در بدر پھرے

زلزلے میں ہو کیوں نہ نینوا — کیوں نہ پھر ہلے دشتِ کربلا
ہائے فوج شام چھین لے ردا — بنت فاطمہ در بدر پھرے

روئے شاہ کو دشت میں نبی — اور گلے ملے ہنس کے امتی
پردے میں رہے ہند بے حیا — بنت فاطمہ در بدر پھرے

دَم گُھٹا ہوا دل پھٹا ہوا — گھر لُٹا ہوا سر کُھلا ہوا
چہرے پر مَلے خاکِ کربلا — بنت فاطمہ در بدر پھرے

صحرائے کربلا میں اب عصر کی گھڑی ہے
زہرا کا لاڈلا ہے اور شمر کی چھری ہے

آغوش فاطمہ پر کیوں بجلیاں نہ ٹوٹے
نازوں کا پالا بیٹا جلتی زمیں پہ تڑپے

سہ روز کا ہے پیاسا اور دھوپ بھی کڑی ہے

قرآں کی سورتیں ہیں بکھری ہوئی زمیں پر
چہرے لہو بھرے ہیں زخمی ہے تن کہیں پر

زہرا کی کہکشاں سے کرب و بلا سجی ہے

دریا کی سمت دیکھا عباس یاد آیا
کس بیکسی میں دیکھو بھائی تمہارا آیا

ٹوٹا ہے مجھ پہ لشکر ٹوٹی کمر میری ہے

اٹھارہ سال والا نظروں میں پھر رہا ہے
نیزے کے ساتھ جسکا دل بھی نکل گیا ہے

پیری میں یوں مصیبت شبیر پر گری ہے

سوکھے ہوئے لبوں نے نانا کو ہے پکارا
زخمی ہوں اب تو آؤ بیٹے کو دو سہارا

سجدہ بجاؤں آخر طاقت کہاں میری ہے

سایے میں پنجتن کے سجدہ بجا رہے ہیں
اب آخری دعا سے امت بچا رہے ہیں

اور چل رہا ہے خنجر گردن اتر رہی ہے

سیف الہدی کا باغ صحت ہمیشہ مہکے

مہکے عزا کا گلشن سیف الہدی کے دم سے

اشکو سے سیف دیں کے دعوت ہری بھری ہے

مولی رہو سلامت سایے میں پنجتن کے

کرتے رہو دعائیں حق میں یہ مردوزن کے

غم خواروں کی زباں پہ ہردم دعا یہی ہے

ظلمت میں قبر کی جب کوئی نہ ساتھ ہوگا

سیف الہدی کا اس دم ہاتھوں میں ہاتھ ہوگا

گھبرا نہ اے جمالیؔ سیف الہدی ولی ہے

يا حُسَينا پر هميں قربان چهے قربان چهے
يا حُسَينا ني نِداء ايمان ني پهچان چهے
يا حُسَينا پر هميں قربان چهے قربان چهے

دئي نے سجدہ آپ يہ کيدي دعاءِ مستجاب
٢٦
جہ ائمة نے دعاة الستر پر بُرهَان چهے
يا حُسَينا پر هميں قربان چهے قربان چهے

شمر يہ سجدة ما ماتهو جسم سي کيد وجُدو
٢٧
سِبطِ پيغمبر نو ۔ جہ وہ بولتا قُراٰن چهے
يا حُسَينا پر هميں قربان چهے قربان چهے

آپ يہ نانا نا وعدہ نے نبهايو هر طرح
٢٨
اول واٰخر نا بخشا خُوب سب ارمان چهے
يا حُسَينا پر هميں قربان چهے قربان چهے

يومِ عاشوراء اُڑهاوي ڈهول نے ماتها اوپر
٢٩
چهے تهيا ظاهر نبي جہ رَحمةُ الرّحمٰن چهے
يا حُسَينا پر هميں قربان چهے قربان چهے

إنّ ذكـــرَ الحُسَـــينِ يَـــدُومُ
شـــيعةَ الحَـــقِ للُحـــزنِ قـــوموا

كُـــلُ حُـــزنٍ يَـــزولُ ولكـــن
حُـــزنُ سبـــطِ الرّســـولِ يَـــدومُ

شيعةَ الحقّ فابكوا الحُسَينا
ذاك مَـــن كـــانَ للحَـــقّ عينـــاً

بـــالنفوسِ عليـــه افـــتَدُوا إذ
قَـــد قَضـــى بالشّـــهادةِ دَينـــاً

واذكـــروا خـــيرَ صِـــنوٍ مُـــواسِ
قـــد فَـــداَهُ بأيـــدٍ و رأسٍ

بَـــاذلٍ للفـــداءِ كـــطَوْدٍ
و هـــو بـــالعزمِ و الصّـــبرِ رَاسِـــي

واذكـروا الشّـــابَ ذاكَ التّـــقِيّاَ

ابـــنَ نجـــلِ علــــيٍ عليـــا

جـاءَ عَـــطشَانَ بَعـدَ جـِهادٍ

فســـقاه الحسَـــينُ مَرّيِـــا

وَاذكُـروا الطفــلَ بَـينَ يدْيـــهِ

نجلَـــهُ، والســـهام عَلَيـــهِ

قـــد تضــرجَ بالـــدمّ ظلمـــا

كــانَ اصـــغرَ نجــلٍ لدَيـــهِ

وبـــِحُرمَةِ ســـبطِ الرّسُـــولِ

نســـأل الله اكبَـــرَ سُـــولِ

لبقـاءٍ لعـالي قـدر

سيفِ دينِ الهدى المسلول

کیسا قیامت خیز یہ منظر زینب نے دیکھا
سر بھائی کا زیرِ خنجر زینب نے دیکھا

عون محمد اکبر و اصغر اور بھائی عباس
مارے گئے دوپہر میں سارے کوئی نہیں ہے پاس
تنہا ہے زہرا کا دلبر زینب نے دیکھا

خیمے سے شبیر جو نکلے پڑھ کے سلام آخر
زینب نے شہ کے گھوڑے کی تھامی لگام آکر
مقتل میں جاتے ہے سرور زینب نے دیکھا

ٹیکری سے زینب نے نظر کی جب سوئے میداں
دیکھا بیٹھے ہیں زخموں سے چور شہ ذی شاں
مارتے ہیں سب تیر اور پتھر زینب نے دیکھا

مؤمنو ایک لمحہ کو سوچو کیسی وہ ساعت تھی
پسلیاں ٹوٹ گئی مولا کی کیسی قیامت تھی
شمر نے جب تھی ماری ٹھوکر زینب نے دیکھا

شہ نے کہا اے ظالم بس اِک گھونٹ پلا پانی
ہائے مگر شبیر کی اُسنے بات نہیں مانی
خشک گلے پر پھیرا خنجر زینب نے دیکھا

شمر اُٹھا سینے سے شہ کے شہ نے کیا سجدہ
امت کی بخشش کے خاطر آخری تھا سجدہ
تن سے کیا ظالم نے جدا سر زینب نے دیکھا

زینب نے یہ ظلم بھی دیکھا دیدۂ مضطر سے
کتنی تھی ظالم کو عداوت سبطِ پیمبر سے
روندتے تھے لاشے کو لشکر زینب نے دیکھا

بولی بہن اے بھیاؔ میرے سر پہ نہیں چادر
لا کے کہاں سے دوں میں کفن اے ماں جائے دلبر
جسم کہیں ہیں سر ہیں کہیں پر زینب نے دیکھا

سلامی ہو غمِ سرور میں گریاں آج کل پرسوں
کہ اب باقی ہے بس دنیا میں مہاں آج کل پرسوں

بہاؤ مؤمنو اشکوں کا دریا رو کے آنکھوں سے
لہو کا چرخ سے برسیگا باراں آج کل پرسوں

کرو تم سب قبا کو چاک اپنی اے عزادارو
علی پھاڑینگے مرقد میں گریباں آج کل پرسوں

خدا دکھلائیگا جسکو وہ دیکھیگا محرم پھر
عجب دنیا میں ہے ماتم نمایاں آج کل پرسوں

نہ ہو تکلیف لاشِ شاہِ دیں پر اس لیئے زہرا
کریگی صاف بالوں سے بیاباں آج کل پرسوں

بہتر اس طرف ہے اس طرف لاکھوں کا لشکر ہے
بہتر میں یہاں اک بے زباں معصوم اصغر ہے

فرات افسوس تیرے سامنے سہ روز کا پیاسا
محمد کا نواسہ فاطمہ زہرا کا دلبر ہے

حسین ابن علی ہے امتحاں کی سخت منزل ہے
کہ اب میداں میں جانے کے لئے قاسم سا دلبر ہے

گلے پر تیر ہے سوکھی زباں ہے باپ کی گودی
علی اصغر کی قربانی کا محشر خیز منظر ہے

گہن لگنے سے پہلے تو بھی اے عاشور کے سورج
ذرا یہ دیکھ لے کس کا گلا ہے کس کا خنجر ہے

نظامِ دو جہاں میں انقلابِ عام آئیگا
شہ دیں کے گلے پہ خنجرِ شمرِ ستمگر ہے

تمہاری غیرتوں کو کیا ہوا ہے اے مسلمانوں
ہجومِ عام اور آلِ عبا محتاجِ چادر ہے

کوئی اُن بے خبر کوفے کے باشندوں سے یہ کہدو
کہ آنکھیں بند کر لو ثانیء زَہرا کھلے سر ہے

حسین حسین ، حسین حسین

شهید کربلاء حسین ، مظلوم کربلاء حسین ، سبط پیمبر حسین ،

روح مصطفی حسین ، روح مرتضی حسین ،

فاطمة زهراء حسین ، حیدر قرار حسین ،

شبیر و شبر حسین ، عابد بیمار حسین ،

ساقي کوثر حسین ، عباس علم دار حسین ، یاحسین یاحسین

پنجتن ماتم ـ یا محمد ـ یا حسین ، یا علي مولی ـ حیدر مولی ....یا فاطمة ـ یا علي ....حسن حسین ـ امام حسین....یاسیدي ـ یاعباس....یا سیدة ـ یازینب....یا حسین!

# ٩ محرم الحرام

## عالم ايمان

عام خيرات حسنة

سنة ١٤٤٥

## ٩ محرم الحرام – المجلس الثامن

| رقم | ترتيب | كلام | |
|---|---|---|---|
| ١ | المرثية المباركة | يا سيد الشهداء | |
| ٢ | المرثية المباركة | فلك الحسين بكربلاء | |
| ٣ | المرثية المباركة | ذكر الحسين خير زاد الذاكرين | |
| ٤ | سلام | لے کے ایک قافلہ غمزدہ ساربان چل رہا ہے /<br>شبیر رن میں تنہا تھے زخموں سے چور تھے | Audio<br>Audio |
| ٥ | ماتمي نوحه | آج ماتمِ شاہِ اُمم ھے | Audio |
| ٦ | نصيحة | الله تعالى نو حمد تو كرجے | |
| ٧ | قصيدة | خير الانام محمد ووصيه | |
| ٨ | مدح | تميں باغ امام الزمان نا گل لاله چھو | Audio |
| ٩ | ماتمي نوحه | واویلا صد واویلا / آج امام حسن کا ماتم ہے | |

## ليلة عاشوراء

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | رات ني مجلس – بيٹھي نے | |
| رقم | ترتيب | كلام | |
| ١ | المرثية المباركة | يا سيد الشهداء / فلك الحسين/ ذكر الحسين | |
| ٢ | نصيحة | شمر يرِ اوي نے ٹھوكر نے ماري | |
| ٣ | المرثية المباركة | يا حسينا پر ھميں قربان چھے قربان چھے | |
| ٤ | ماتمي نوحه | سوچتي ہے یہ مادر کل نہ جانے کیا ہوگا | |
| ٥ | ماتمي نوحه | عاشور کے سورج کچھ تو بتا | Audio |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | رات ني مجلس – كھڑا رھي نے ماتم | |
| رقم | ترتيب | كلام | |
| ١ | عربي نوحه | يا امام الحق مولانا الحسين | Audio |
| ٢ | ماتمي نوحه | کل رن میں بپا ہوگا محشر واویلا | Audio |
| ٣ | ماتمي نوحه | ہائے سید ابرار | Audio |
| ٤ | ماتمي نوحه | فرزند فاطمہ کا بھرا گھر اجڑ گیا | Audio |
| ٥ | ماتمي نوحه | شبیر ہے محو یاد خدا ایک رات كي دنيا باقي ہے | |

يَاحُجَّةَ الرَّحْمٰنِ يَا صَفْوَةَ الْأَزْمَانِ
يَاعَلَمَ الْإِيْمَانِ يَامُعْطِيًا لِلْأَمَانِي
يَاأَكْرَمَ الْكُرَمَاءِ وَالَهْفَتَا يَاحُسَيْنَا
يَاسَيِّدَ الشُّهَدَاءِ

عَبْدُكَ ذَا يَبْكِيْكَا عَبْدُكَ ذَا يَرْثِيْكَا
عَبْدُكَ ذَا يَفْدِيْكَا قَدْ قَالَ ذَا الشِّعْرَ فِيْكَا
أَدَاءَ حَقِّ الْفِدَاءِ وَالَهْفَتَا يَاحُسَيْنَا
يَاسَيِّدَ الشُّهَدَاءِ

أَيَا إِمَامَ الْعَدْلِ يَاسِبْطَ خَيْرِ الرُّسْلِ
يَابْنَ أَمِيْرِ النَّحْلِ فَدَتْكَ نَفْسِي وَأَهْلِي
أُمِّي، أَبِي، أَبْنَائِي وَالَهْفَتَا يَاحُسَيْنَا
يَاسَيِّدَ الشُّهَدَاءِ

٤٣

لِلّٰهِ رَأْسٌ قَدْ عَلاَ

بِرَأْسِ رُمْحٍ قَدْ عَلاَ

سُوْرَةَ كَهْفٍ قَدْ تَلاَ

وَكُلَّ سِرٍّ قَدْ جَلاَ

اَبْكِيكَ مَوْلاَيَ الْحُسَيْن　　اَفْدِيكَ مَوْلاَيَ الْحُسَيْن

مَوْلاَيَ مَوْلاَيَ الْحُسَيْن

٤٤

يَا لَهْفَتَا لِلسَّيِّدَات

ظُلْمًا وَ سَلْبًا نَادِبَات

بَيْنَ الْاَعَادِيْ حَاسِرَات

بِـ"يَاحُسَيْنَا" صَارِخَات

اَبْكِيكَ مَوْلاَيَ الْحُسَيْن　　اَفْدِيكَ مَوْلاَيَ الْحُسَيْن

مَوْلاَيَ مَوْلاَيَ الْحُسَيْن

٤٥

يَهُولُنِي حَالُ الْحَرَم

ظُلْمٌ اَحَاطَ وَ الظُّلَم

بِهِمْ بِلاَ الْحُسَيْنِ هَمّ

وَاُحْرِقَتْ لَهُمْ خِيَم

اَبْكِيكَ مَوْلاَيَ الْحُسَيْن　　اَفْدِيكَ مَوْلاَيَ الْحُسَيْن

مَوْلاَيَ مَوْلاَيَ الْحُسَيْن

يا هَوْلَ مَنْظَرٍ مُخيفٍ يُرْعِش

شِمْرٌ بِخُفٍّ مِنْ حَـديدٍ يَـرْفُس

رَأْسًا بِـلَا طَهَــارَةٍ لا يُـلْمَس

فَهْـوَ أشَرُّ الْخُبَـثَاءِ الْكافِـرِيْن

ذِكْرُ الحُسَيْنِ خَيرُ زادِ الذّاكِرِيْن

آهٍ عَلى حُلْقُومِهِ الَّذي أُصِيب

بِقِطْعَةٍ مِنْ خَنْجَرِ الضِّدِّ الْمَعِيْب

مَوْضِعِ لَثْمِ خَـيْرَةِ اللهِ الْحَبِيْب

يُدْمى بِسَطْوَةٍ لِشَرِّ الْقَــاذِرِيْن

ذِكْرُ الحُسَيْنِ خَيرُ زادِ الذّاكِرِيْن

أبْكي عَلى مُجَدَّلٍ فَوْقَ الرِّمَالْ

ضَرَّجَـهُ دَمًـا سُيُوفٌ وَعَـوالْ

وَرَضَّ ظَهْـرَهُ خُـيُولٌ لِلنِّـزَالْ

يا وَيْلَهُمْ بِالدِّيْنِ كَانُوا سَاخِرِيْن

ذِكْرُ الحُسَيْنِ خَيرُ زادِ الذّاكِرِيْن

لے کے اک قافلہ غمزدہ سارباں چل رہا ہے
راہِ پر خار پر بے کس و ناتواں چل رہا ہے

زنجیر اور دستِ لاغر کہاں گردن میں ڈالا ہے طوقِ گراں
پہنائی ہیں پاؤں میں بیڑیاں زخموں سے چھالوں کے ہیں خوں رواں
کر کے شکرِ خدا دین کا پاسباں چل رہا ہے

جن کے وسیلے سے مشکل ٹلے باندھے ہیں اُن کے رسن میں گلے
لوٹا اُنہیں ، اُن کے خیمے جلے نازوں میں کل آلِ احمد پلے
آج وہ دربدر دشت میں کارواں چل رہا ہے

عباس جیسے سہارے گئے عون و محمد سے پیارے گئے
برچھی سے اکبر بھی مارے گئے اصغر لحد میں اُتارے گئے
پھول جو بچ گئے لے کے وہ باغباں چل رہا ہے

شبیر تو بے کفن رہ گئے لاشے سبھی بے دفن رہ گئے
پامال تشنہ دہن رہ گئے رن میں شہیدوں کے تن رہ گئے
اور افسوس سر سب کا نوکِ سناں چل رہا ہے

بول اے سکینہ اب آئیگا کون؟ سینے پہ تجھکو سلائیگا کون؟
دریا سے اب پانی لائیگا کون؟ چھینینگے دُر تو بچائیگا کون؟
غم نہ کر، غم نہ کر، ساتھ بھائی یہاں چل رہا ہے

بانو گلے سے لگائے کسے؟ اور گود میں اب سلائے کسے؟
جھولا ہے خالی جھلائے کسے؟ راتوں کو لوری سنائے کسے؟
کیا ہے اصغر نہیں ساتھ جھولا تو ماں چل رہا ہے

زینب ابھی ملکِ شام آئیگا رنج و الم گام گام آئیگا
ظالم کا دربار عام آئیگا زینب کو لاؤ پیام آئیگا
سوچتے سوچتے یہ امامِ زماں چل رہا ہے

جیسے تھے مولی برہان الھدی ہیں سیف دیں ویسے ہی باخدا
سو جاں سے اُن پر حسامی فداء رکھنا سلامت اُنہیں رب سدا
قافلہ بالیقیں اِن کا سوئے جناں چل رہا ہے

شبیر رن میں تنہا تھے زخموں سے چور تھے
گھوڑے سے اُترے رن میں اِلٰہی وہ نور تھے
بھوکے تھے اور پیاسے تھے یثرب سے دور تھے
پیاروں کے لاشے رن میں تھے تنہا حضور تھے
یہ دیکھ شمر گھوڑے سے اپنے اُتر گیا
ہاتھوں میں ایک بھالا اور خنجر اُٹھا لیا

شہ نے کہا اے شمر سن میرے کچھ سخن
خنجر سے جب کریگا جدا سر کو از بدن
قبلہ کی جاہ لاشہ میرا کرنا تو یہ سن
چادر اوڑھانا لاشے پہ گر دے نہ تو کفن
میرے حرم کے سر سے نہ چادر کو کھینچنا
حرمت ہے یہ نبی و علی کی نہ چھینا

ہے فاطمہ کی لاڈلی شہزادیاں حرم
اِنکا رہا نہ کوئی یہاں سب ہووا ختم
چادر کا ٹکڑا دینا اِنہیں رکھنا تو شرم
گر قید بھی کرے اِنہیں ڈھانا نہیں ستم
اِنکو ستا ستا کے بتا فائدہ ہے کیا ؟
اِنکو رولا رولا کے بتا فائدہ ہے کیا ؟

سہ روز سے ہیں بھوکا پیاسا یہ میرا گھر
کملائے ہیں نبی کے گلستاں کے سب زہر
تھوڑا سا پانی اِنکو پلانا ، بس اتنا کر
گر یہ بھی نہ ہو تو دے دِلاسہ تو رکھ خبر
سیدانیاں یہ فاطمہ کی سب پیاری ہیں
جنت کے یہ کیاروں کی ہر اک کیاری ہیں

دختر میری سکینہ ہے جو بھولی بھالی ہے
ہے میری یہ پیاری یہ نازوں کی پالی ہے
ہر شب کو میرے سینے پر یہ سونے والی ہے
اب میرے بعد غم میں میرے رونے والی ہے
ہرگز طمانچے بچیّ کو میری نہ مارنا
گوہر ہے عید پر دیئے وہ نہ اُتارنا

زین العباء پسر میرا بیمار و ناتواں
پانی دیا نہیں تو دواء کیا ملے یہاں
لاغر ہے تن تو پاؤں ہیں سوجھے ہووے عیاں
بستر پہ ہے، بیمار ہے، چل پائیگا کہاں ؟
طوقِ گراں تو اِسکے گلے میں نہ ڈالنا
اے شمر ! باتیں یہ میری تو اِنکو ماننا

بولا یہ شمر باتیں یہ ہرگز نہ مانوگا
بچّوں کے چھین لونگا گوہر اُنکو مارونگا
سیدانیوں کے سر سے میں چادر اُتارونگا
کوفے میں اور شام میں در در پھراؤنگا
مسند نبی کی لوٹونگا خیمے جلاؤنگا
زین العباء کو کانٹوں پہ پیدل چلاؤنگا

یہ باتیں سن حسین تو روتے تھے زار زار
جور و جفاء تھے ایسے کہ غش آیا بار بار
دیکھا کہ آ رہی ہے بہن یہاں پہ سوگوار
آؤ یہاں نہ بہن اب ہوتے ہم نثار
یہ کہہ کے تو حسین نے سجدہ بجا دیا
مظلوم پر وہ شمر نے خنجر چلا دیا

یہ ذکر جب سناتے ہیں عالی قدر شہا
اُٹھتی ہے آہ آہ کی ہر جاہ سے صدا
رگ رگ یہ تھر تھراتی ہے از نوحہ وَ بکا
نظروں میں پھرنے لگتا ہے شاکرؔ وہ کربلا

باقی رہے تا روزِ جزاء مولی سیفِ دیں
کربل کے غم میں شام و سحر آپ ہو حزیں

# اج ماتم شاہ امم ہے

آج ماتمِ شاہِ امم ہے
آج تاریخ یارو ! نہم ہے
کل تو عاشورا روزِ دہم ہے
آہ حسینا کہو وا حسینا

کل تو یارو قیامت اٹھیگی
کل تو زہرا کی کھیتی لٹیگی
کل محرم کی دسویں ہوگی
آہ حسینا کہو وا حسینا

کل تو باغ لٹیگا نبی کا
اور کل گھر جلیگا علی کا
سر کٹیگا خدا کے ولی کا
آہ حسینا کہو وا حسینا

کل تو اسمان ٹوٹ پڑیگا
کل تو غم ملکوت کریگا
بی بی زہرا کا پوت مریگا
آہ حسینا کہو وا حسینا

کل تو روئینگے جن شہِ دیں کو
کل تو زلزلہ ہوگا زمیں کو
کل تو غم ہوگا روح الامیں کو
آہ حسینا کہو وا حسینا

کل حسین پہ بھاری بلا ہے
خنجرِ شمر شہ کا گلا ہے
کربلا کربلا کربلا ہے
آہ حسینا کہو وا حسینا

کل تو عباس زمیں پر گرینگے
کل تو قاسم کے ٹکڑے کرینگے
کل تو اکبر علی بھی مرینگے
آہ حسینا کھو وا حسینا

کل تو دولھے کی ہووے گی شادی
اسکو دینگے مبارک بادی
آوے گی اسکی فاطمہ دادی
آہ حسینا کھو وا حسینا

کل کی کیا کھوں یارو میں حالت
اب زبان میں نھیں میری طاقت
صاف کھتا ہوں کل ہے قیامت
آہ حسینا کھو وا حسینا

داڑھي نه هرگز كترو نه بورو
جه نے يه عادة هوئے ته چھوڑو

شرع نبي نو حكم نه توڑو
حق نا دھني سي منھ نے نه موڑو

يه تو تمارا خيرخُواه چھے
اهني تو لطف ني هردم نگاه چھے

الله تعالى نے هرگز نه بھولو
دل ما چني لو حكمة نا پھولو

مانده نا مانِند هرگز نه پھولو
كھاجو هوا نو هرگز نه جھولو

كرجو هميشه خير نا كامو
خير نا تيمج كهجو كلامو

الله ني تقوى نا پوشاك پھنو
جه تھاسے رب نو رب تھاسے تھنو

تھنو تو اپنا جانو نے تھنو
وات نے مانو بھائيو بھنو

رات نے دن رب ني سمرن كرجو
رب نا ثواب سي دامن بھرجو

خَيْرُ الأَنَامِ مُحَمَّدٌ وَوَصِيُّهُ * وَالبَرَّةُ الزَّهْرَاءُ وَالحَسَنَانِ
قَوْمٌ بِهِمْ كُشِفَ العَمَى وَبِهَدْيِهِمْ * هُدِيَ الوَرَى مِنْ حَيْرَةِ الطُّغْيَانِ
مَنْ لاَ تَتِمُّ صَلاَتُنَا إِلاَّ بِهِمْ * وَبِهِمْ يُنَادَى وَقْتَ كُلِّ أَذَانِ
خُزَّانُ عِلْمِ اللهِ مَهْبَطُ وَحْيِهِ * وَالمُوْضِحُونَ شَرَائِعَ الإِيمَانِ
أَعْلاَمُ دِينِ اللهِ أَرْكَانُ الهُدَى * سُفُنُ النَّجَاةِ دَعَائِمُ الإِيمَانِ
حَبْلُ الإِلَهِ فَمَنْ تَعَلَّقَهُ نَجَا * وَهَوَى مُخَالِفُهُ إِلَى الخُسْرَانِ
وَلَقَدْ وَقَفْتُ بِكَرْبَلاَءَ فَجَدَّدَتْ * كَرْبِي وَأَذْكَتْ فِي الحَشَا أَحْزَانِي
وَذَكَرْتُ فِي عَاشُورَ مَصْرَعَ سَيِّدِي * مَوْلاَيَ وَاأَسَفَا عَلَى العَطْشَانِ
وَلأَبْكِيَنَّ عَلَى الحُسَيْنِ وَصَحْبِهِ * بِدَمٍ وَدَمْعٍ دَائِمِ التَّهْتَانِ
وَلأَبْكِيَنَّ عَلَى القَتِيلِ بِكَرْبَلاَ * عُرْيَانَ مَطْرُوحًا بِلاَ أَكْفَانِ
وَلأَبْكِيَنَّ عَلَى غَرِيبِ مُحَمَّدٍ * بِالطَّفِّ فَرْدًا نَازِحَ الأَوْطَانِ
وَلأَبْكِيَنَّ عَلَى بَنَاتِ مُحَمَّدٍ * مَسْبِيَّةً بِالظُّلْمِ وَالعُدْوَانِ
مَا عُذْرُ قَاتِلِ أَهْلِ بَيْتِ مُحَمَّدٍ * فِي الحَشْرِ عِنْدَ الوَاحِدِ المَنَّانِ
مَا اللهُ عَنْ ظُلْمِ العِبَادِ بِغَافِلٍ * لَكِنْ لَهُمْ يَوْمٌ عَظِيمُ الشَّانِ
صَلَّى الإِلَهُ عَلَى النَّبِيِّ وَآلِهِ * مَا غَرَّدَ القُمْرِيُّ فِي الأَغْصَانِ

تمیں باغ امام الزمان نا گل لاله چھو
انے فیض ازل نا درخت نا تمیں ڈالا چھو
تمیں ساچا ھمارا پیر عالي گھرانا چھو
تمیں مردِ ولي محبوب باري تعالی چھو
تمیں همة نا چھو پہاڑ جود نا دریا چھو
انے علم و ادب نا گگن ما چاند روپالا چھو
تمیں آل نبي نا وزیر چھو انے داعي چھو
تمیں اهني ولاء انے عشق ما دِن گالا چھو
تمیں فضل و کرم نا دھني چھو مالك ھمارا چھو
تمیں ستر نا دور ما ھنے خوب سنبھالا چھو
تمیں زهد و تقی نا نین ما نور بَصارة چھو
انے مجد و عُلیٰ نا بدن ما شال دوشالا چھو
تمیں پھول بدن ما سہامنا چھو عجب تر چھو
تمیں ساتے فلك سي شرف ما برتر و بالا چھو
آ هاتھ تمارو سخا چھے هیو رحمة چھے
تمیں جملہ دعاتو ما ایك داعي نرالا چھو

تمیں عقل نی ٹونچ پر ھمنے خوب چڑھایا چھو
انے طبع نی کھاڑ سي ھمنے خوب نکالا چھو
تمیں زینة چھو ایمان ني انے عزة چھو
تمیں بکتر چھو اسلام نا انے بھالا چھو
آ عبدعلي چھے غلام نے تمیں مولی چھو
تمیں سگلا مؤمن مرد نا مَن والا چھو

آج امامِ حسن کا ماتم ہے
سرورِ سبز تن کا ماتم ہے

جس کا ٹکڑے ہوا ہے زہر سے دل
اُس امامِ زمن کا ماتم ہے

تیر جس کے جنازے پر آئے
ہائے گلگوں کفن کا ماتم ہے

جو ہے گلزارِ مصطفی کا گل
آج اُس گلبدن کا ماتم ہے

کیوں نہ پھٹ جائے آج شیعوں کے دل
عاشقِ ذوالمنن کا ماتم ہے

صورتِ گل کرو گریبان چاک
آج غنچہ دہن کا ماتم ہے

مرد و زَن میں نہ کیوں ہو حشر بپا
مالکِ مرد و زن کا ماتم ہے

واویلا صد واویلا سر پیٹو مجبو واویلا

کرو ماتمیوں یہ کہ کے بکا سر پیٹو مجبو واویلا

## ماتم مولانا حسن ؑ

غم یارو امامِ حسن کا ہے دلبندِ رسولِ زمن کا ہے
یہ غم ہے غمِ شہِ کرب و بلا سر پیٹو مجبو واویلا

کہتے ہیں حسن یوں رورو کر بلواؤ حسین کو ہے وہ کدھر
کچھ اُس سے وصیت ہے کرنا سر پیٹو مجبو واویلا

اتنے میں وہ مظلوم آ پہنچا شبر نے گلے سے لپٹایا
اور بولے میں ہوتا ہوں تمسے جدا سر پیٹو مجبو واویلا

پھر بولی یہ زینب رو روکر لو دیکھو حسن کا ٹکڑے جگر
غش دیکھتے ہی شہ کو آیا سر پیٹو مجبو واویلا

يَابْنَ الْحُسَيْنِ الشَّهِيدْ     خَيْرَ رَقِيبٍ شَهِيدْ
حُجَّةَ رَبٍّ مَجِيدْ     عُمْدَةَ كُلِّ رَشِيدْ
يَامَلْجَأَ الْخُلَصَاءْ     وَالَهْفَتَا يَاحُسَيْنَا
يَاسَيِّدَ الشُّهَدَاءْ

يَاصَاحِبَ الْعَصْرِ لُطْفَا     بِعَبْدِكَ الْقِنِّ عَطْفَا
عَفْوًا وَغَفْرًا وَزُلْفَا     لَمْ يُلْفِ غَيْرَكَ كَهْفَا
يَاظِلَّ ذِي الْكِبْرِيَاءْ     وَالَهْفَتَا يَاحُسَيْنَا
يَاسَيِّدَ الشُّهَدَاءْ

لَهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ     عَلَى الْحُسَيْنِ وَكَرِّمْ
بَارِكْ عَلَيْهِ وَعَظِّمْ     وَارْحَمْهُ رَبِّ تَرَحَّمْ
مَا انْهَلَّ قَطْرُ السَّمَاءْ     وَالَهْفَتَا يَاحُسَيْنَا
يَاسَيِّدَ الشُّهَدَاءْ

٤٦ يَا يَومَ عَاشُورَا الْمُبِين
اَطْفَالُ بَيْتٍ مُسْتَبِين
فِيْ وَقْتِ عَصْرِكَ الْحَزِيْن
قَدْ اَصْبَحُوا بِلاَ مُعِيْن
اَبْكِيكَ مَولاَيَ الْحُسَيْن اَفْدِيكَ مَولاَيَ الْحُسَيْن
مَولاَيَ مَولاَيَ الْحُسَيْن

٤٧ كَيْفَ رَأَيْتَ مَا رَأَيْت
لَوْ كُنْتَ شَخْصًا لَفَدَيْت
اَوْ كُنْتَ عَيْنًا لَسَقَيْت
يَالَيْتَ كُنْتُ مَعَكْ لَيْت
اَبْكِيكَ مَولاَيَ الْحُسَيْن اَفْدِيكَ مَولاَيَ الْحُسَيْن
مَولاَيَ مَولاَيَ الْحُسَيْن

٤٨ مَولاَيَ اِنِّيْ ذَاكِرْ
نَضْلَكَ دَابًا شَاكِرْ
فِيمَا اَمَرْتَ حَاضِرْ
فَأْمُرْ فَاَنْتَ الْاٰمِرْ
اَبْكِيكَ مَولاَيَ الْحُسَيْن اَفْدِيكَ مَولاَيَ الْحُسَيْن
مَولاَيَ مَولاَيَ الْحُسَيْن

آهٍ عَلى حَلْقٍ لَهُ مَجْرُوح
آهٍ عَلى رَأْسٍ لَهُ مَذْبُوح
آهٍ عَلى جِسْمٍ لَهُ مَطْرُوح
مِنْ قَوْمِ سَوْءٍ ظَالِمِيْنَ خَاسِرِيْن
ذِكْرُ الحُسَيْنِ (ع) خَيْرُ زَادِ الذَّاكِرِيْن

آهٍ عَلى شَبْحٍ غَدَا مَسْلُوبَا
مِنَ الثِّيَابِ أَفْزَعَ المَحْبُوبَا
بِتُرْبِ رَمْضَاءَ بَدَا مَتْرُوبَا
تَفُوحُ مِنْهُ نَفَحَاتُ العَاطِرِيْن
ذِكْرُ الحُسَيْنِ (ع) خَيْرُ زَادِ الذَّاكِرِيْن

آهٍ أَتَى خِيَامَهُ شِمْرُ الرَّذِيْل
تَجَرَّأَ يَحْمِلُ رَأْسَهُ الجَلِيْل
وَقَطَرَاتٌ مِنْ دِمَائِهِ تَسِيْل
يَا حَسْرَةً تَدُومُ دَهْرَ الدَّاهِرِيْن
ذِكْرُ الحُسَيْنِ (ع) خَيْرُ زَادِ الذَّاكِرِيْن

شمر يه آوي نے ٹھوکر نے ماري
شه يه کهيو که اُٹھ اے ناري
حلق پر کيدو خنجر نے جاري
بوڑھي چھوڑي يهاں نهيں چلے تاري
شه يه دعاؤ سجدة ما کيدي
شمر يه گردن اُتاري ليدي

قرآن ناطق نے شمر يه پھاڑا
مهر نے ماه تھيا چھے اندھارا
دنيا سي سرور هائے سدھارا
بچھڑا حرم سي سب نا سهارا
زينب پکارا هائے حسينا
اے مارا ماجايا بھائي حسينا

یا حُسَینا پر همیں قربان چھے قربان چھے

یا حُسَینا ني نِداء ایمان ني پہچان چھے

یا حُسَینا پر همیں قربان چھے قربان چھے

غم ني آتِش سي کلیجہ هر گهڑي بُھونائي چھے
خُون ني اَنہار سي جاري تهئي عَینان چھے ٣٠

یا حُسَینا پر همیں قربان چھے قربان چھے

دشمنو یہ زینب وکلثوم ني چھیني رداء
تہ سبب سي چاك تهئي گئي حُرمةِ ایمان چھے ٣١

یا حُسَینا پر همیں قربان چھے قربان چھے

گرم ریتي سي چھے لپٹایا هوا لاشۂ سب
جہ نے گهوڑاؤ سي کهنڈلا یہ بِلا اَکفان چھے ٣٢

یا حُسَینا پر همیں قربان چھے قربان چھے

کهائي نے دڑاؤ چلتا تها حرم نا اسرا
طوق بیڑي هتهکڑي نا یہ سهے اَوزان چھے ٣٣

یا حُسَینا پر همیں قربان چھے قربان چھے

# سونچتی ہے یہ مادر

سونچتی ہے یہ مادر کل نہ جانے کیا ہوگا
گود میں ہے آج اصغر کل نہ جانے کیا ہوگا

دھوپ میں قیامت کی تپ رہا ہے بن سارا
آج سوئے رو رو کر کل نہ جانے کیا ہوگا

عون و اکبر و عباس سب فدا ہے اصغر پر
آج تو بھرا ہے گھر کل نہ جانے کیا ہوگا

آج تو ہُمکتے ہیں گودیوں میں جھولے میں
رن میں شہ کے ہاتھوں پر کل نہ جانے کیا ہوگا

عاشور کے سورج کچھ تو بتا کیا گذری تھی کیا دیکھا تھا

اسلام نے آڑے وقت میں جب شبیر کا دامن تھاما تھا
اس وقت اکیلے تھے سرور یا ساتھ میں سارا کنبہ تھا
جس سجدے میں تن سے سر اترا وہ سجدہ کیسا سجدہ تھا

جب وادیء غربت میں آکر احمد کا گھرانا لٹتا تھا
اس وقت بھی رونا بدعت تھا جب بند ہر ایک پر دریا تھا
کیا دنیا ماتم کرتی تھی یا چاروں طرف سناٹا تھا

پھل برچھی کا جب کہ ٹوٹا تھا ہم شکل نبی کے سینے میں
اس وقت نبی کی روح بھی کیا بے تاب ہوئی تھی مدینے میں
کیا دل کو سنبھالے تھے سرور کیا گھاؤ بہت ہی گہرا تھا

جب لاشہء دولہا خیمے میں شبیر اٹھا کر لائے تھے
سر کا تھا دولہن کا گھونگھٹ یا آنکھوں میں آنسو آئے تھے
کیا پھول تھے سب کملائے ہوئے یا تازہ تازہ سہرا تھا

جب شمر نے خنجر پھیرا تھا شبیر کے لب کیا ہلتے تھے
کیا دیدہء سرور میں اس دم انوارِ محمد ملتے تھے
کیا خون زمیں نے اگلا تھا کیا رنگ فلک نے بدلا تھا

کتنی تھی ستم کی شمشیریں جو قلب جگر سے گذری تھیں
جب عون و محمد کی لاشیں زینب کی نظر سے گذری تھیں
کیا سر کو جھکائے بیٹھی تھی یا ضبط سے تن میں رعشہ تھا

عباس کے جس دم ہاتھ کٹے تو کیوں کر مشک سنبھالی تھی
برباد ہوا تھا جب پانی خیمے پہ نظر کیا ڈالی تھی
کیا بھر کے چلو پھینکا تھا جب بس میں سارا دریا تھا

ظالم نے لگایا جب ناوک بچے کو ہنسی کیا آئی تھی
معصوم نے قاتل کو اپنی کیا خشک زباں دکھلائی تھی
سرور نے جو پانی مانگا تھا تو کتنا پانی مانگا تھا

اک باپ سے بچھڑی بچی کے جب بُندے چھینے جاتے تھے
اس وقت شہیدوں کے لاشے میدان میں کیا تھراتے تھے
کیا شمر لعیں کے ہاتھوں سے بے بس نے طمانچہ کھایا تھا

جب آل محمد کے خیمے شعلوں میں ستم کے جلتے تھے
کیا پیاس دھوؤں کو رو کے تھی یا بچے آنکھیں ملتے تھے
بیمار کو جب ہوش آیا تھا کیا آنسو کوئی ٹپکا تھا

ارباب حرم قیدی بن کر جب شام کی جانب بڑھتے تھے
کیا اپنی تباہی پر اس دم انا للہ پڑھتے تھے
قرآں سنایا جب سر نے تو کتنا اونچا نیزہ تھا

يا إمام الحق مولانا الحسين ★ صفوة الله وصفو المصطفين

يا حسين ابن علي المرتضى ★ أنت والله له قرة عين

أنت ذخري أنت كهفي يا حسين ★ في حياتي وإذا ما حان حين (٣)

إسمه ترياق من تلسعه ★ من أعادي أهل بيت الوحي أين (٤)

يا له من باذل مهجته ★ في سبيل الله في أصعب أين (٥)

يا له من صابر مصطبر ★ كل صعب عنده في الصبر هين

يا لشبر عظيم شأنه ★ شبر كان له أكرم عين (٦)

هل ترى مثل حسين كان في ★ كربلا أثبت جاشا من رعين (٧)

أثخنوه برماح وظبى ★ وبنبل رشقوا من كل عين (٨)

قتلوا سبط رسول الله في ★ كربلاء وهو في أعطش غين (٩)

إنه أحرى بأن نفديه ★ بنفوس لا نضار ولجين

بأبي أنت وأمي يا حسين ★ وبأهلي وبولدي وبعين

أنا يا آل النبي المصطفى ★ عبد عبد لكم لا عبد عين (١٠)

لم يزل يهمي على سوحكم

من صلوة الله غين إثر غين (١١)

# کل رن میں بپا ہوگا محشر واویلا

کل رن میں بپا ہوگا محشر واویلا
کل شہ کا گلا ہے اور خنجر واویلا

کل عرش خدا تھرائیگا کل روزِ قیامت آئیگا

کل شاہ کا سر ہے نیزے پر واویلا

کل فاطمہ رن میں آئیگی زینب کو وہ سمجھائیگی

اور صبر بندھائینگے حیدر واویلا

شبیر کی اک شہزادی ہے کل رن میں اُس کی شادی ہے

اوڑھینگی دلھن بن کی چادر واویلا

عباس تجھے کل اہلِ وفا پل بھر کے لئے بھی بھولینگے کیا

سب یاد کرینگے وہ منظر واویلا

امت کے جوانوں کو اکبر کل چین نہ ہوگا شام و سحر

چل جائیگی برچھی سینہ پر واویلا

کل ننھے بچے روئینگے چین اور سکوں بھی کھوئینگے

دھونڈینگے کہاں وہ ہے اصغر واویلا

ہم جان بھی اپنی کھو دیتے اے کاش اَنیقؔ کہ ہم ہوتے

مظلوم حسین کے روضے پر واویلا

کل مولی حصیر پہ بیٹھینگے اور ماتم ہمارا دیکھینگے

بِہہ جائیگا اَشکوں کا ساگر واویلا

ہائے سید ابرار تین دن سے پیاسا ہے
جان احمد مختار تین دن سے پیاسا ہے
ابن حیدر کرّار تین دن سے پیاسا ہے
دین کا علمبردار تین دن سے پیاسا ہے
ہائے سید ابرار تین دن سے پیاسا ہے

دختر محمد کا لاڈلا پسر پیاسا
ہائے ساقیء کوثر شاہ بحر و بر پیاسا
کربلا کے جنگل میں دیں کا راہبر پیاسا
غیرت مسلماں کو ہائے یہ ہوا کیا ہے
ہائے سید ابرار تین دن سے پیاسا ہے

گلشن محمد کی ہے کلی کلی پیاسی
بنت سیدہ پیاسی شہ کی لاڈلی پیاسی
طفل بے زباں پیاسا ماں بھی دل جلی پیاسی

گھر کا گھر محمد کا کربلا میں پیاسا ہے
ہائے سید ابرار تین دن سے پیاسا ہے

کچھ نہ رہ سکا باقی ایسا ہو گیا فانی
پیاس کی اذیت کو دیکھتا رہا پانی
کیوں نہ شہ کے خیمے تک بہکے آ گیا پانی

ہائے کس طرح تو نے شاہ کو نوازا ہے
ہائے سید ابرار تین دن سے پیاسا ہے

کیا جواب دیگی تو حشر میں پیمبر کو
منہ دکھائیگی کیوں کر اے فرات حیدر کو
دے سکی نہ ایک قطرہ فاطمہ کے دلبر کو

ہائے کس طرح تو نے شاہ کو نوازا ہے
ہائے سید ابرار تین دن سے پیاسا ہے

باپ کی نگاہوں کا نور لے گئے اکبر
رن میں شہ کے ہاتھوں پر سو گئے علی اصغر
سو گیا ترائی میں ابن ساقیء کوثر

اب نگاہ سرور کے چار سو اندھیرا ہے
ہائے سید ابرار تین دن سے پیاسا ہے

## فرزند فاطمہ کا بھرا گھر اجڑ گیا

ایک بے کس و غریب کا کنبہ اجڑ گیا
گودی اجڑ گئی کوئی جھولا اجڑ گیا
اے ارض کربلا تیری گودی میں آن کر
فرزند فاطمہ کا بھرا گھر اجڑ گیا

پانی ملا نہ فاطمہ کے نور عین کو
دریا ترس کے رہ گیا ہائے حسین کو
اے ارض کربلا تیری گودی میں آن کر
فرزند فاطمہ کا بھرا گھر اجڑ گیا

بچے عطش سے ماہیئے بے آب مر گئے

آخر تڑپ کے موت کی گودی میں سو گئے

اے ارض کربلا تیری گودی میں آن کر

فرزند فاطمہ کا بھرا گھر اجڑ گیا

گودی میں کھیلتا ہوا بچہ حسین کا

تین دن کی بھوک پیاس سے مرجھا کے رہ گیا

اے ارض کربلا تیری گودی میں آن کر

فرزند فاطمہ کا بھرا گھر اجڑ گیا

سوکھی زباں دکھانے سے ایک حشر ہو گیا

اک تیر آیا حلق چھیدا دم نکل گیا

اے ارض کربلا تیری گودی میں آن کر

فرزند فاطمہ کا بھرا گھر اجڑ گیا

شانے کٹا کے حق کی ترائی میں سو گیا
غازی کا جسم گھوڑوں سے پامال ہوگیا
اے ارض کربلا تیری گودی میں آن کر
فرزند فاطمہ کا بھرا گھر اجڑ گیا

کیا موت تھی خدا کی قسم دل ڈہل گیا
دو ہچکیوں میں موت کا سامان ہو گیا
اے ارض کربلا تیری گودی میں آن کر
فرزند فاطمہ کا بھرا گھر اجڑ گیا

عباس جسکے دم سے تھا سرور کو اطمئنان
تھی جسکے دم سے فوج حسینی کی آن بان
اے ارض کربلا تیری گودی میں آن کر
فرزند فاطمہ کا بھرا گھر اجڑ گیا

# شبیر ہیں محوِ یادِ خدا

شبیر ہیں محوِ یاد خدا  اک رات کی دنیا باقی ہے
کل ہو گا جہاں میں حشر بپا  اک رات کی دنیا باقی ہے

کل آئیگی جنت سے زَہرا  مقتل میں یہ منظر دیکھے گی
ہے شمر کا خنجر شہ کا گلا  اک رات کی دنیا باقی ہے

یہ حشر نہیں تو پھر کیا ہے  اب اور قیامت کیا ہوگی
کل سبط نبی لٹ جائیگا  اک رات کی دنیا باقی ہے

مل جائینگے کل اِس مٹی میں  سب چاند ستارے بطحا کے
یہ خاک بنے گی خاکِ شفا  اک رات کی دنیا باقی ہے

گو آل نبی پیاسے ہی رہے  یہ آج کی دنیا کچھ بھی کہے
کل خاک اڑائیگا دریا  اک رات کی دنیا باقی ہے

ہاں آؤ اٹھو اے غم خوارو  ماتم سے ہلادو دنیا کو
ہر مومن کے لب پہ ہے آہ و بکا  اک رات کی دنیا باقی ہے

کل ابن حسن بن کر دولہا    جاں حق پہ کریگا اپنی فدا
ہو جائیگی اک دلہن بیوہ    اک رات کی دنیا باقی ہے

عباس عَلَم لہرائینگے    جب اپنی علمبر داری کا
کل ہوگا وفا کا سر اونچا    اک رات کی دنیا باقی ہے

تصویر نبی مِٹ جائیگی    اکبر کو لگے گی جب برچھی
شبیر کا دل چِھد جائیگا    اک رات کی دنیا باقی ہے

گھر آل نبی کا لوٹینگے    خیمے بھی جلائینگے ظالم
کل بھائی بہن سے ہوگا جدا    اک رات کی دنیا باقی ہے

ماریںگے طمانچے بد اختر    لوٹینگے سکینہ کے گوہر
چھن جائیگی کل زینب کی ردا    اک رات کی دنیا باقی ہے

سہ سف دس مولی جلوہ نما    کل ہونگے حسینی صورت میں
دکھلائینگے کربل کا سجدہ    اک رات کی دنیا باقی ہے

حسين حسين ، حسين حسين

شهيد كربلاء حسين ، مظلوم كربلاء حسين ، سبط پيمبر حسين ،

روح مصطفى حسين ، روح مرتضى حسين ،

فاطمة زهراء حسين ، حيدر قرار حسين ،

شبير وشبر حسين ، عابد بيمار حسين ،

ساقي كوثر حسين ، عباس علم دار حسين ، ياحسين ياحسين

پنجتن ماتم ـ يا محمد ـ يا حسين ، يا علي مولى ـ حيدر مولى ....يا فاطمة ـ يا علي ....حسن حسين ـ امام حسين....ياسيدي ـ ياعباس....يا سيدة ـ يازينب....يا حسين!

# يوم عاشوراء

## عالم ايمان

عام خيرات حسنة

سنة ١٤٤٥هـ

| يوم عاشوراء | | | |
|---|---|---|---|
| رقم | ترتيب | كلام | |
| ١ | المرثية المباركة | يا سيد الشهداء | |
| ٢ | المرثية المباركة | فلك الحسين بكربلاء | |
| ٣ | المرثية المباركة | ذكر الحسين خير زاد الذاكرين | |
| ٤ | سلام | عرش گرنے لگا فرش ہلنے لگا | Audio |
| ٥ | ماتمي نوحه | عاشور کے سورج کچھ تو بتا | Audio |
| ٦ | نصيحة | الله تعالى نو حمد تو كرجے | |
| ٧ | قصيدة | خير الانام محمد ووصيه | |
| ٨ | مدح ﴿وعظ درميان﴾ | باقي رہے یہ سیف دیں از حرمت آنسو | Audio |

## عاشورا ء نا دن نو برنامج

| رقم | عنوان | كلام | |
|---|---|---|---|
| ١ | | نینوا کے دشت میں حشر کا ساماں ہے | Audio |
| ٢ | كهرارهي نے | قتل رہبر ہے آج واویلا | Audio |
| ٣ | | آج شبير اوپر بلاء چهے | Audio |
| ٤ | بيٹھي نے | زلزلوں میں دنیا تھي | Audio |
| | | بولي بانو پیارے اصغر | Audio |
| ٥ | مقتل نا ابتداء ما | راج دلارا زہرا کا مہماں بن کر آیا ہے | Audio |
| ٦ | موقع هوئي تو | ہائے سید ابرارتین دن سے پیاسا ہے | Audio |
| ٧ | | فرزند فاطمہ کا بھرا گھر اجڑ گیا | Audio |
| ٨ | گهوڑا روكوا ني ذكر | صحراء کربلاء میں ایک قافلہ رواں ہے | Audio |
| ٩ | پاني بند تهيو | حاکم کا حکم یہ ہے کہ پانی بشر پیئے | Audio |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | حاکم نے لکھا شام کے لشکر کو سنانا | Audio |
| ١٠ | حر ني شهادة | آیا تھا حر مهماں بنکر (ماتم کرو مومنوں کربل کے مہماں کا) | Audio |
| ١١ | اصحاب ني شهادة نا دوران | اک اک کر کہ لاش اتھائے (کربل تو نے لوٹ لیا گھر زہرا کا) | |
| ١٢ | | کوئی تم میں اصغر تھا کوئی تم میں اکبر تھا(ہائے کربلا والو) | Audio |
| ١٣ | اصحاب، اهل بيت ني شهادة نا دوران | خون كي ندي ايسي بهي (راج دلارا زہرا کا زخمي ہے اور پیاسا ہے) | |
| ١٤ | اصحاب، اهل بيت ني شهادة | شاہ کے اصحاب تھے (ہائے کربلا والو) | |
| ١٥ | عون و محمدعم | کہتی تھی زینب کیوں نہ پکاروں | |
| ١٦ | قاسم ني شهادة | قاسم کے الم سے تڑپے(آغوش میں جس کو پالا) | |
| ١٧ | دولها ني شهادة | ہائے رے دولہا | Audio |
| ١٨ | مولانا عباس عم | دریا پہ اٹھا شور علمدار علمدار | Audio |
| | | دریا پہ شور ہے کہ علمدار | Audio |
| ١٩ | مولانا علي اكبرعم | تنھائي میں کیسے اٹھیگا اکبر کا جنازہ رہنے دو | Audio |
| | | پروان چڑھا لوں کوئی ارمان نکالوں | Audio |
| ٢٠ | مولانا علي اصغرعم | بولي بانو پیارے اصغر | Audio |
| | | تشنہ دہن حسین غریب الوطن حسین | Audio |
| | | جھولو معصوم تشنہ دہن جھولنا | Audio |
| ٢١ | | ماتم كي صف بچھي ہے | Audio |
| ٢٢ | امام حسينعم- آخري حجة | تم لیکے دیئے ڈھونڈو تو سهي (نانا کو دیا تھا جو وعدہ) | Audio |
| ٢٣ | زينب نے وصية | شہ والا نے فرمایابہن زینب نہ گھبرانا | Audio |
| ٢٤ | | لاچار حسینا بے یار حسینا | Audio |

يَوْمُ مِنَ الْحَشْرِ اَرْوَع     اِذِ الْاِمَامُ الْاَرْوَع
فِيْ اٰخِرِ الْعَهْدِ وَدَّع     تِلْكَ السَّرِيَّاتِ اَجْمَع
وَ زَيْنَ اٰلِ الْعَبَاءِ     وَالَهْفَتَا يَاحُسَيْنَا

يَاسَيِّدَ الشُّهَدَاءِ

يَابْنَ الْحُسَيْنِ الشَّهِيْدِ     خَيْرَ رَقِيْبٍ شَهِيْدِ
حُجَّةَ رَبٍّ مَجِيْدِ     عُمْدَةَ كُلِّ رَشِيْدِ
يَامَلْجَأَ الْخُلَصَاءِ     وَالَهْفَتَا يَاحُسَيْنَا

يَاسَيِّدَ الشُّهَدَاءِ

وَالْعَنْ يَزِيْدَ اللَّعِيْنَا     وَ نَاصِرًا وَ مُعِيْنَا
لَهٗ ، مِنَ الظَّالِمِيْنَا     عَلٰى بَنِيْ يَاسِيْنَا
اَلسَّادَةِ النُّجَبَاءِ     وَالَهْفَتَا يَاحُسَيْنَا

يَاسَيِّدَ الشُّهَدَاءِ

٢٣ يا ساعةَ الْحشرِ الْعتِيْد
بيْنَ الْعِدى الْموْلىٰ وحِيْد
يسْتقْبِلُ الْعوْنَ الْاَكِيْد
يُرِيْدُ مااللّٰهُ يُرِيْد

اَبْكِيْكَ موْلَايَ الْحُسَيْن اَفْدِيْكَ موْلَايَ الْحُسيْن
موْلَايَ موْلَايَ الْحُسَيْن

٣٥ اٰهٍ بِخنْجرٍ كلِيْل
حُلْقُوْمَ موْلَايَ الْجلِيْل
يضْرِبُهُ النّذْلُ الرّذِيْل
لمْ يمْضِ مِنْ سِرّ الْجلِيْل

اَبْكِيْكَ موْلَايَ الْحُسَيْن اَفْدِيْكَ موْلَايَ الْحُسَيْن
موْلَايَ موْلَايَ الْحُسَيْن

٣٨ يا سجْدةً سجدَ الْحُسَيْن
و دعا بِما قصدَ الْحُسَيْن
و وفىٰ بِما وعدَ الْحُسَيْن
و شهادةً وجدَ الْحُسَيْن

اَبْكِيْكَ موْلَايَ الْحُسَيْن اَفْدِيْكَ موْلَايَ الْحُسَيْن
موْلَايَ موْلَايَ الْحُسَيْن

يَا هَوْلَ مَنْظَرٍ مُخِيفٍ يُرْعِشْ
شِمْرٌ بِخُفٍّ مِنْ حَدِيدٍ يَرْفُسْ
رَأْسًا بِلَا طَهَارَةٍ لَا يُلْمَسْ
فَهْوَ أَشَرُّ الْخُبَثَاءِ الْكَافِرِيْن
ذِكْرُ الْحُسَيْنِ (ع) خَيْرُ زَادِ الذَّاكِرِيْن

آهٍ عَلَى حُلْقُومِهِ الَّذِي أُصِيْب
بِقَطْعَةٍ مِنْ خَنْجَرِ الضِّدِّ الْمَعِيْب
مَوْضِعِ لَثْمِ خَيْرَةِ اللهِ الْحَبِيْب
يُدْمَى بِسَطْوَةٍ لِشَرِّ الْقَاذِرِيْن
ذِكْرُ الْحُسَيْنِ (ع) خَيْرُ زَادِ الذَّاكِرِيْن

أَبْكِي عَلَى مُجَدَّلٍ فَوْقَ الرِّمَالْ
ضَرَّجَهُ دَمًا سُيُوفٌ وَعَوَالْ
وَرَضَّ ظَهْرَهُ خُيُولٌ لِلنِّذَالْ
يَا وَيْلَهُمْ بِالدِّيْنِ كَانُوا سَاخِرِيْن
ذِكْرُ الْحُسَيْنِ (ع) خَيْرُ زَادِ الذَّاكِرِيْن

عرش گرنے لگا فرش ہلنے لگا دو جہاں غم کے سانچے میں ڈھلنے لگے
گرم ریتی پہ جس وقت سبط نبی گر کے گھوڑے سے کروٹ بدلنے لگے

یاد آنے لگا شہ کو دوش نبی ماں کی آغوش زانوئے پاکِ علی
دل الجھنے لگا زخم پھٹنے لگے خون بہنے لگا اشک ڈھلنے لگے

بہکی بہکی ہوا سہمی سہمی فضا تھرتھراتی زمیں کانپتا آسماں
شاہ اٹھنے لگے تیغ کھچنے لگی قبلہ رخ جب ہوئے تیر چلنے لگے

کند خنجر لئے شمر آگے بڑھا شہ نے سجدہ کیا بس غضب ہوگیا
کلمہء لاالہ پڑھتے پڑھتے شہا ذبح ہونے لگے خون اگلنے لگے

دیکھتے رہ گئے مصطفی مرتضی فاطمہ اور حسن انبیا اوصیا
اور اِدھر اشقیا لاش پاک شہا بے خطر مرکبوں سے کچلنے لگے

آئی مقتل سے یہ فاطمہ کی صدا ہائے بیٹا میرا ذبح پیاسا ہوا
جب یہ نالہ سنا اہل بیت شہا خیمگاہوں سے باہر نکلنے لگے

اس طرف غم ہی غم اور ادھر عید تھی بیکسی بے بسی قابل دید تھی
فوج دھسنے لگی لوٹ مچنے لگی دم الجھنے لگے خیمے جلنے لگے

ایک محشر بپا بزم میں ہوگیا درد کا ماجرا جس نے بھی یہ سنا
دل تو دل ہے اسدؔ درد کی ہے یہ حد سوزشِ غم سے پتھر پگھلنے لگے

عاشور کے سورج کچھ تو بتا کیا گذری تھی کیا دیکھا تھا

اسلام نے آڑے وقت میں جب شبیر کا دامن تھاما تھا
اس وقت اکیلے تھے سرور یا ساتھ میں سارا کنبہ تھا
جس سجدے میں تن سے سر اترا وہ سجدہ کیسا سجدہ تھا

جب وادیٔ غربت میں آ کر احمد کا گھرانا لٹتا تھا
اس وقت بھی رونا بدعت تھا جب بند ہر ایک پر دریا تھا
کیا دنیا ماتم کرتی تھی یا چاروں طرف سناٹا تھا

پھل برچھی کا جب کہ ٹوٹا تھا ہم شکل نبی کے سینے میں
اس وقت نبی کی روح بھی کیا بے تاب ہوئی تھی مدینے میں
کیا دل کو سنبھالے تھے سرور کیا گھاؤ بہت ہی گہرا تھا

جب لاشہء دولہا خیمے میں شبیر اٹھا کر لائے تھے
سہرا کا تھا دولہن کا گھونگھٹ یا آنکھوں میں آنسو آئے تھے
کیا پھول تھے سب کملائے ہوئے یا تازہ تازہ سہرا تھا

جب شمر نے خنجر پھیرا تھا شبیر کے لب کیا ہلتے تھے
کیا دیدہء سرور میں اس دم انوارِ محمد ملتے تھے
کیا خون زمیں نے اگلا تھا کیا رنگ فلک نے بدلا تھا

کتنی تھی ستم کی شمشیریں جو قلب جگر سے گذری تھیں
جب عون و محمد کی لاشیں زینب کی نظر سے گذری تھیں
کیا سر کو جھکائے بیٹھی تھی یا ضبط سے تن میں رعشہ تھا

عباس کے جس دم ہاتھ کٹے تو کیوں کر مشک سنبھالی تھی
برباد ہوا تھا جب پانی خیمے پہ نظر کیا ڈالی تھی
کیا بھر کے چلو پھینکا تھا جب بس میں سارا دریا تھا

ظالم نے لگایا جب ناوک بچے کو ہنسی کیا آئی تھی
معصوم نے قاتل کو اپنی کیا خشک زباں دکھلائی تھی
سرور نے جو پانی مانگا تھا تو کتنا پانی مانگا تھا

اک باپ سے بچھڑی بچی کے جب بُندے چھینے جاتے تھے
اس وقت شہیدوں کے لاشے میدان میں کیا تھراتے تھے
کیا شمر لعیں کے ہاتھوں سے بے بس نے طمانچہ کھایا تھا

جب آلِ محمد کے خیمے شعلوں میں ستم کے جلتے تھے
کیا پیاس دھوؤں کو رو کے تھی یا بچے آنکھیں ملتے تھے
بیمار کو جب ہوش آیا تھا کیا آنسو کوئی ٹپکا تھا

اربابِ حرم قیدی بن کر جب شام کی جانب بڑھتے تھے
کیا اپنی تباہی پر اس دم انا للہ پڑھتے تھے
قرآن سنایا جب سر نے تو کتنا اونچا نیزہ تھا

غم ما حسين نا روجے برادر
ذكرِ حسين نے هردم كرا كر

غم نتھي كوئي يہ غم نا برابر
روئي گناهو دهوجے سراسر

روئے چھے اهنے عرش نا اوپر
رب انے بنداؤ فرش نا اوپر

باغِ نبي پر كيوي چلي چھے
هرايك پھول نے هرايك كلي چھے

گرم هوا ته سي واڑي جَلي چھے
جلوا سي دل پر سوں بيكلي چھے

قتل تھيا چھے كربل نا بَن ما
سيدُ الشهداء نے اصحاب رَن ما

كربل نا بن ما سوں سوں بلا چھے
اصحابو شه پر قرباں تھيا چھے

سوں سوں مصيبة ما اٰلِ عبا چھے
اهلُ البيت تھيا سب فداء چھے

تہ بعد سرور مارا گيا چھے
ديكھي نے زينب روئي رهيا چھے

شمر يه آوي نے ٹھوکر نے ماري
شه يه کھيو که اُٹھ اے ناري

حلق پر کيدو خنجر نے جاري
بوڑھي چھوڑي يهاں نهيں چلے تاري

شه يه دعاؤ سجدة ما کيدي
شمر يه گردن اُتاري ليدي

قرآن ناطق نے شمر يه پھاڑا
مھر نے ماه تھيا چھپے اندھارا

دنيا سي سرور هائے سدھارا
بچھڑا حرم سي سب نا سھارا

زينب پکارا هائے حسينا
اے مارا ماجايا بھائي حسينا

خَيْرُ الأَنَامِ مُحَمَّدٌ وَوَصِيُّهُ * وَالْبَرَّةُ الزَّهْرَاءُ وَالْحَسَنَانِ

قَوْمٌ بِهِمْ كُشِفَ الْعَمَى وَبِهَدْيِهِمْ * هُدِيَ الْوَرَى مِنْ حَيْرَةِ الطُّغْيَانِ

مَنْ لَا تَتِمُّ صَلَاتُنَا إِلَّا بِهِمْ * وَبِهِمْ يُنَادَى وَقْتَ كُلِّ أَذَانِ

خُزَّانُ عِلْمِ اللهِ مَهْبَطُ وَحْيِهِ * وَالْمُوضِحُونَ شَرَائِعَ الإِيمَانِ

أَعْلَامُ دِينِ اللهِ أَرْكَانُ الْهُدَى * سُفُنُ النَّجَاةِ دَعَائِمُ الإِيمَانِ

حَبْلُ الإِلٰهِ فَمَنْ تَعَلَّقَهُ نَجَا * وَهَوَى مُخَالِفُهُ إِلَى الْخُسْرَانِ

وَلَقَدْ وَقَفْتُ بِكَرْبَلَاءَ فَجَدَّدَتْ * كَرْبِي وَأَذْكَتْ فِي الْحَشَا أَحْزَانِي

وَذَكَرْتُ فِي عَاشُورَ مَصْرَعَ سَيِّدِي * مَوْلَايَ وَاأَسَفَا عَلَى الْعَطْشَانِ

وَلَأَبْكِيَنَّ عَلَى الْحُسَيْنِ وَصَحْبِهِ * بِدَمٍ وَدَمْعٍ دَائِمِ التَّهْتَانِ

وَلَأَبْكِيَنَّ عَلَى الْقَتِيلِ بِكَرْبَلَا * عُرْيَانَ مَطْرُوحًا بِلَا أَكْفَانِ

وَلَأَبْكِيَنَّ عَلَى غَرِيبِ مُحَمَّدٍ * بِالطَّفِّ فَرْدًا نَازِحَ الأَوْطَانِ

وَلَأَبْكِيَنَّ عَلَى بَنَاتِ مُحَمَّدٍ * مَسْبِيَّةً بِالظُّلْمِ وَالْعُدْوَانِ

مَا عُذْرُ قَاتِلِ أَهْلِ بَيْتِ مُحَمَّدٍ * فِي الْحَشْرِ عِنْدَ الْوَاحِدِ الْمَنَّانِ

مَا اللهُ عَنْ ظُلْمِ الْعِبَادِ بِغَافِلٍ * لَكِنْ لَهُمْ يَوْمٌ عَظِيمُ الشَّانِ

صَلَّى الإِلٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَآلِهِ * مَا غَرَّدَ الْقُمْرِيُّ فِي الأَغْصَانِ

## باقی رہے یہ سیف دیں از حرمت آنسو

اعلان شفاعت ہے عجب نعمت آنسو
انداز عبادت ہے عجب رحمت آنسو
اتمام سعادت ہے عجب قیمت آنسو
اظہار ندامت ہے عجب حکمت آنسو

نیران بجھا دیتا ہے ایک قطرت آنسو
فردوس میں پہنچادے بحق قدرت آنسو
محفوظ رہے شیشہ میں یہ ندرت آنسو
شادابگیء باغ ہدی نضرت آنسو

دیدار شہ قدسی قدر منظر آنسو
اعجاز تبتل کا اثر ابحر آنسو
آواز توسل میں بیاں مظہر آنسو
احیاء شب قدر میں ہے کوثر آنسو

روشن ہے بصیرت کی نظر منبع آنسو
دائم ہے ہدایت کی سحر مطلع آنسو
حاصل ہے دعاؤ کا اثر مرجع آنسو
وافر ہے عبادت کا اجر مجمع آنسو

بھرپور ہے غفران سے یہ فاطمی آنسو
بر ذکر حسین ابن علی دائی آ نسو
ہے دین محبت کی وفاء صادقی آنسو
سیراب کرے فیض سے یہ طاہری آنسو

ہے عین کے ید میں بجت آ نسو
از ایک ملے آٹھ جناں فرحت آ نسو
صادقؔ تیری تحقیق شفا صحت آ نسو
دائم ہو تیرے لب پہ سدا مدحت آنسو

نینوا کے دشت میں حشر کا سامان ہے

بھوکا پیاسا ہائے ہائے اُمت کا مہمان ہے

کہتی تھی زینبؑ بہن بھیّا اب کوئی نہیں

کہتے تھے شاہ زمن اللہ نگہبان ہے

خیمے جلے گھر لُٹے اہلِ حرم قید ہو

اُمتِ جدّ پر میرا گھر کا گھر قربان ہے

شمر ڈر اللہ سے اُٹھ سینۂ شاہ سے

سینۂ شبّیر تو پارۂ قرآن ہے

ہاتھوں پہ اصغرؑ کو لے شاہ یوں کہنے لگے

پانی پلا دو اِسے بچّہ یہ عطشان ہے

پیدل چلتے جاتے ہیں دُرّے کھاتے جاتے ہیں

عابدِ بیمار کے صبر کی یہ شان ہے

قتلِ رہبر ہے آج واویلا    ذبحِ سرور ہے آج واویلا

چومتے تھے نبی جو حلق کو وہ    زیرِ خنجر ہے آج واویلا

دوشِ احمد پے جو چڑھا اُسکا    نیزے پے سر ہے آج واویلا

جو کہ زَہرا کی گود میں تھا پلا    وہ زمیں پر ہے آج واویلا

جسکی ملکت میں دونوں عالم ہے    وہ بے یاور ہے آج واویلا

صدرِ احمد پے سوتا جو اُسکا    خاک بستر ہے آج واویلا

رب کا سایہ تھا جس کے اوپر وہ    دھوپ اندر ہے آج واویلا

جس سے برسے مطر گلے اُس کے    آبِ خنجر ہے آج واویلا

جس کو جبریل آ جھلاتے تھے    خاک اوپر ہے آج واویلا

جو پَلا شیرِ فاطمہ سے وہ    پیاسا بے سر ہے آج واویلا

جو کہ بازو تھا شہ کا وہ ہے ہے    رن میں بے پر ہے آج واویلا

جو کہ ساقی حرم کا تھا اُس کا  سر کٹا دھر ہے آج واویلا

تن چھدا سر کٹا گرے رن میں  عونِ مضطر ہے آج واویلا

سر پہ سہرا بندھا شہید ہوئے  ابنِ شبر ہے آج واویلا

کھا کے سینہ پہ برچھی رن میں گرا  آہ اکبر ہے آج واویلا

حلق پہ تیرِ ظلم کھا کے موا  ہے ہے اصغر ہے آج واویلا

اَمن میں ہے جہان جس گھر سے  وہ تباہ گھر ہے آج واویلا

جو تھی زَہرا کی پوتی اُس کا لٹا  ہے ہے گوہر ہے آج واویلا

جو کہ عالم چھڑاوے اُس کا گلا  طوق اندر ہے آج واویلا

جس کی ماں کا جنازہ نکلا بہ شب  وہ کھلے سر ہے آج واویلا

جس کے سر پر ہے چادرِ عصمت  وہ بے چادر ہے آج واویلا

مہر جس کی ادب کرے یارو  وہ شُتر پر ہے آج واویلا

انبیا کربلا میں روتے ہیں  روز محشر ہے آج واویلا

آج شبير اوپر بلاء چھے     آج تو کربلاء کربلاء چھے

پياس سي آج آلِ محمد     انے بچڑؤ سب تلمَلا چھے

تھي فجر ما بھري انے سانجے     سوني سوني تھئي کربلاء چھے

علي اکبر شهيد تھئي نے     خُلد ما پنجتن نے مِلا چھے

تھيا مقتول عباس غازي     نهر سي جيارے پاچھا ولا چھے

تھئي شادي سکينة ني دولها     موکي دُلهن نے رن ما چلا چھے

جھولا موکي تھيا قتل اصغر     جڼ نو قاتل لعين حرملة چھے

پچھي شبير نا سجدة اندر    شمر ملعون يہ كاٹا گلا چھے

دھول ماتھا ما ناكھي محمل    اٰيا رووانے دَر كربلاء چھے

اٰه سكينه نے مارا طمانچہ    انے سر بيبيوں نا كُھلا چھے

چلا زينُ العبا سارباں تھئي    اَهل بيت نا خيمة جلا چھے

يہ حسين نا نائب مفضل    نا عجب حُزن ما ولوله چھے

اٰج بيٹھا حصير نا اُوپر    غم سي محزون انے مُبتلى چھے

پرسو ديوانے اٰيا مَلائِك    اِنس وجِن انے اِهلُ الولاء چھے

اٰج رووانے اٰيا يماني    اَنبياء اَولياء كربلاء چھے

زلزلوں میں دنیا تھی آسماں لرزتا تھا
ریگ گرم صحرا پر شاہ دیں کا لاشہ تھا

بے قرار موجیں تھی شعلہ بار دریا تھا
ابن ساقیء کوثر تین دن سے پیاسا تھا

ہر قدم پہ ٹھوکر تھی دل میں درد اُٹھتا تھا
شہ کی ناتوانی تھی نوجواں کا لاشہ تھا

قلب فوج میں اُٹھی انقلاب کی لہریں
دست شاہ پر پیاسا شیر خوار بچہ تھا

تشنہ لب وہ مہماں تھے کربلا کے جنگل میں
جن کے واسطے پانی خون سے بھی مہنگا تھا

قتل ہو گئے عباس آس ٹوٹی پیاسوں کی
مشک ٹکڑے ٹکڑے تھی خوں میں تر پھریرا تھا

اب لہو میں ڈوبے گی نوجوانی اکبر کی
ماں کی چشم حسرت تھی صبح کا ستارا تھا

اب وہ چاند بانو کا زیر خاک پنہاں ہے
دل کی جو تسلی تھی آنکھوں کا اجالا تھا

خیمہ ہائے سرور کی کیا بیاں ہو ویرانی
ہر طرف اُداسی تھی ہر طرف اندھیرا تھا

اُف وہ شب شبِ آخر اُف وہ صبحِ عاشورا
رات تھی قیامت کی حشر کا سویرا تھا

بولی بانو پیارے اصغر شام بھئی گھر آؤ

بولی بانو پیارے اصغر شام بھئی گھر آؤ

رات اکیلے ڈروگے دلبر شام بھئی گھر آؤ

پانی پینے گیو ہے اصغر جیا مورا گھبرائے

کوئی نہیں ہے گھر میں بیٹا لینے تجھکو آئے

بیٹا شام بھئی گھر آؤ

جھولو تیرو خالی پڑو ہے جھولن والے آؤ

جھولکے مورے پیارے اصغر ماں کا دل بہلاؤ

بیٹا شام بھئی گھر آؤ

ماتا سے کیا روٹھ گئے ہو کیسے تمکو مناؤں

کوئی نہیں ہے گھر میں بیٹا کسکو بپتا سناؤں

بیٹا شام بھئی گھر آؤ

راہ تکت ہوں بیٹا توری کاہے لگایو دیر
آؤ بیٹا جلدی آؤ میں مناؤں خیر
بیٹا شام بھئی گھر آؤ

گیو تھو رن میں ہنستے ہنستے بیٹا لینے نیر
کیا تھی خبر کہ دینگے ظالم نیر کے بدلے تیر
بیٹا شام بھئی گھر آؤ

اکھیاں ترس گئی دیکھنے تجھکو میرے نین کے نور
آئی نہیں کوئی تیری خبر کیا گیو ہے اتنی دور
بیٹا شام بھئی گھر آؤ

راج دلارا زہرا کا مہماں بن کر آیا ہے
ساماں نیا مہمانی کا کفار کا لشکر لایا ہے

کیسی تھی وہ مسلمانی کیسے تھے وہ کلمہ گو
اپنے نبی کے نواسے کو رکھا بھوکا پیاسا ہے

گھر میں نہیں آب و دانہ بچے پیاس سے مرتے ہیں
کنبہ علی کا دیکھو تو کس آفت میں آیا ہے

عبد اللہ کی شادی ہے مہندی ہے نہ شربت ہے
خون لگائے ہاتھوں پر دولہا رن میں آیا ہے

مشک سکینہ بھر تو لیا تھا پر خیمے تک جا نہ سکا
شرم کے مارے بازوئے سرور شانے کٹا کر سویا ہے

بولی سکینہ نہر سے واپس آئے نہیں کیوں میرے چچا
بولے حسین کے پانی لینے کوثر پہ وہ سدھارا ہے

داغ پہ داغ اور ضعف کا عالم اور تنہائی کا صدمہ
دیکھ کے پیاروں کی لاشیں سرور روتا جاتا ہے

جواں پسر کی لاش اٹھانے کس کو بلائے سبطِ نبی
ایک سہارا تھا جس کا وہ نہر پہ جاکر سویا ہے

جھولے میں وہ جھولنے والا ننھا مجاہد ہائے ستم
ہائے اُسے بھی ایک ظالم نے تیر لگا کر مارا ہے

روکر بولی زینبِ مضطر ہائے حسینا وائے حسین
سر تیرا ہے نیزے پہ جلتی زمیں پہ لاشہ ہے

چھینی گئی ہیں سر سے ردائیں سوار ہوئی ہیں اونٹوں پر
کنبہ تیرا بازاروں میں پھرنے کو اب جاتا ہے

رونے نہ پائی لاش پہ تیری بے بس ہو کر جاتی ہوں
دیکھ کہ عریاں لاش کو تیری میرا جگر پھٹ جاتا ہے

ہائے سید ابرار تین دن سے پیاسا ہے

جان احمد مختار تین دن سے پیاسا ہے

ابن حیدر کرّار تین دن سے پیاسا ہے

دین کا علمبردار تین دن سے پیاسا ہے

ہائے سید ابرار تین دن سے پیاسا ہے

دختر محمد کا لاڈلا پسر پیاسا

ہائے ساقیء کوثر شاہ بحر و بر پیاسا

کربلا کے جنگل میں دیں کا راہبر پیاسا

غیرت مسلماں کو ہائے یہ ہوا کیا ہے

ہائے سید ابرار تین دن سے پیاسا ہے

گلشن محمد کی ہے کلی کلی پیاسی
بنت سیدہ پیاسی شہ کی لاڈلی پیاسی
طفل بے زباں پیاسا ماں بھی دل جلی پیاسی

گھر کا گھر محمد کا کربلا میں پیاسا ہے
ہائے سید ابرار تین دن سے پیاسا ہے

کچھ نہ رہ سکا باقی ایسا ہو گیا فانی
پیاس کی اذیت کو دیکھتا رہا پانی
کیوں نہ شہ کے خیمے تک بہکے آ گیا پانی

ہائے کس طرح تو نے شاہ کو نوازا ہے
ہائے سید ابرار تین دن سے پیاسا ہے

کیا جواب دیگی تو حشر میں پیمبر کو
منہ دکھائیگی کیوں کر اے فرات حیدر کو
دے سکی نہ ایک قطرہ فاطمہ کے دلبر کو

ہائے کس طرح تو نے شاہ کو نوازا ہے
ہائے سید ابرار تین دن سے پیاسا ہے

باپ کی نگاہوں کا نور لے گئے اکبر
رن میں شہ کے ہاتھوں پر سو گئے علی اصغر
سو گیا ترائی میں ابن ساقیء کوثر

اب نگاہ سرور کے چار سو اندھیرا ہے
ہائے سید ابرار تین دن سے پیاسا ہے

## فرزند فاطمہ کا بھرا گھر اجڑ گیا

ایک بے کس و غریب کا کنبہ اجڑ گیا
گودی اجڑ گئی کوئی جھولا اجڑ گیا
اے ارض کربلا تیری گودی میں آن کر
فرزند فاطمہ کا بھرا گھر اجڑ گیا

پانی ملا نہ فاطمہ کے نور عین کو
دریا ترس کے رہ گیا ہائے حسین کو
اے ارض کربلا تیری گودی میں آن کر
فرزند فاطمہ کا بھرا گھر اجڑ گیا

بچے عطش سے ماہئیے بے آب مرگئے

آخر تڑپ کے موت کی گودی میں سو گئے

اے ارض کربلا تیری گودی میں آن کر

فرزند فاطمہ کا بھرا گھر اجڑ گیا

گودی میں کھیلتا ہوا بچہ حسین کا

تین دن کی بھوک پیاس سے مرجھا کے رہ گیا

اے ارض کربلا تیری گودی میں آن کر

فرزند فاطمہ کا بھرا گھر اجڑ گیا

سوکھی زباں دکھانے سے ایک حشر ہو گیا

اک تیر آیا حلق چھیدا دم نکل گیا

اے ارض کربلا تیری گودی میں آن کر

فرزند فاطمہ کا بھرا گھر اجڑ گیا

شانے کٹا کے حق کی ترائی میں سو گیا

غازی کا جسم گھوڑوں سے پامال ہوگیا

اے ارض کربلا تیری گودی میں آن کر

فرزند فاطمہ کا بھرا گھر اجڑ گیا

کیا موت تھی خدا کی قسم دل دہل گیا

دو ہچکیوں میں موت کا سامان ہو گیا

اے ارض کربلا تیری گودی میں آن کر

فرزند فاطمہ کا بھرا گھر اجڑ گیا

عباس جسکے دم سے تھا سرور کو اطمینان

تھی جسکے دم سے فوج حسینی کی آن بان

اے ارض کربلا تیری گودی میں آن کر

فرزند فاطمہ کا بھرا گھر اجڑ گیا

## صحراء کربلا میں ایک قافلہ رواں ہے

صحراء کربلا میں ایک قافلہ رواں ہے
بے کس حسین جس کا سالار کارواں ہے

ہے سب کے آگے آگے سلطان دین و دنیا
چہرے پہ خون غربت زلفوں میں گرد صحرا
گھوڑا جو تھم گیا ہے کچھ پوچھتے ہیں مولی
وعدہ جو یاد آیا ہمراہیوں سے پوچھا

معلوم ہے کسی کو نام اس زمیں کا کیا ہے

اک جاں نثار بولا یہ ارض ماریہ ہے
کی عرض دوسرے نے مولی یہ نینوا ہے
بولا کوئی یہ بڑھ کر دل غم سے رو رہا ہے
یہ کرب کی جگہ ہے یہ منزل بلا ہے

اے بادشاہ عالم نام اس کا کربلا ہے

یہ ن کے شہ نے جھک کر ایک مشت خاک اٹھائی
سونگھا تو بوئے خون آل رسول آئی
فرمایا شہ نے بڑھ کر یارب تیری خدائی
مٹی کہاں سے اپنی قسمت کو کھینچ لائی

ہم بو ترابیوں کی رہنے کی یہ جگہ ہے

حاکم کا حکم یہ ہے کے پانی بشر پیئے
گھوڑے پیئں سوار پیئں اور شُتَر پیئے
جو تَشنہ لب جہاں میں ہیں سب آن کر پیئے
حیواں پیئں ، چرند پیئں ، جانور پیئں

کافر تلک پیئں تو منع تم نہ کیجیو
ایک فاطمہ کے لال کو پانی نہ دیجیو

حاکم نے لکھا شام کے لشکر کو سنانا    پانی نہ پلانا
اے شمر ہے دشمن میرا احمد کا گھرانا    پانی نہ پلانا

شبیر کے لشکر کا کرو خاتمہ یارو    سر تن سے اتارو
رگ رگ کا لہو کاٹ کہ ریتی پہ بہانا    پانی نہ پلانا

عباس علمدار ہے شبیر کا بھائی    گر ہووے لڑائی
ہشیار خبردار ذرا خوف نہ کھانا    پانی نہ پلانا

دو بھانجے شبیر کے ہے عون و محمد    زینب کے وہ دلبند
اُن دونوں کے سر کاٹ کے نیزہ پہ چڑھانا    پانی نہ پلانا

اٹھارہ برس کا جواں ہم شکلِ پیمبر    نام اُسکا ہے اکبر
اُس چاند سی تصویر کو مٹی میں ملانا    پانی نہ پلانا

میں سنتا ہوں شبیر کا ایک چھوٹا ہے بچہ    سِن اسکا ہے شَشْ ماہ
پانی کے عوض اُسکو بھی اک تیر لگانا    پانی نہ پلانا

عبد اللہ جو نوشاہ ہے وہ لال حسن کا — اور شہ کا بھتیجا
لاش اسکی بھی سب گھوڑوں سے پامال کرانا — پانی نہ پلانا

اور فاطمہ کے لال کو سب حلقے میں گھیرو — پیاسا انہیں مارو
اور جلتی ہوئی ریت پہ گھوڑے سے گرانا — پانی نہ پلانا

موقوف جو ہو کاش کہ لشکر کی لڑائی — سب شہ کی کمائی
ایک آن میں پھر لوٹ کے خیمے کو جلانا — پانی نہ پلانا

شبیر کا بیٹا ہے جواں سیدِ سجاد — اور اس کی ہر فریاد
ایک طوقِ گراں ڈال کے کانٹوں پہ چلانا — پانی نہ پلانا

زینب جو اگر شام کے بازاروں میں آئے — کچھ خوف نہ کھائے
بے مقنع و چادر اُسے بازار پھرانا — پانی نہ پلانا

## ماتم کرو مؤمنوں کربل کے مہماں کا

ماتم کرو مؤمنوں کربل کے مہماں کا
جس کو لعینوں نے پانی کو ترسایا

حسین امام حسین امام حسین امام حسین

آیا تھا حر مہماں بن کر حضرت میں شہ کی خوش ہو کر
سر رکھ کے شہ کے قدموں پہ بولا رزا دو اے سرور

ماتم کرو مؤمنوں کربل کے مہماں کا

کربل تو نے لوٹ لیا گھر زہرا کا
نہر رواں ہے اور پیاسا گھر زہرا کا

اک اک کر کے لاشیں اٹھائے
سر سے پا تک خوں میں نہائے
لاشوں سے تھا بھرا ہوا گھر زہرا کا

ہائے کربلا والو ہائے کربلا والو

کوئی تم میں اصغر تھا کوئی تم میں اکبر تھا
کوئی ثانیء جعفر کوئی مثلِ حیدر تھا
کوئی قدر و قیمت میں دوجہاں سے برتر تھا
زیرِ تیغ سنتے ہیں فاطمہ کا گھر بھر تھا

ہائے کربلا والو ہائے کربلا والو

راج دلارا زہرا کا زخمی ہے اور پیاسا ہے
بوند نہیں ہے پانی کا خون کا دریا بہتا ہے

خون کی ندی ایسی بہی صبح سے لیکر شام تلک
چاند نبی کا ڈوب گیا سورج ڈوبنے والا ہے

ہائے کربلا والو ہائے کربلا والو

ہائے کربلا والو ہائے کربلا والو

شاہ کے اصحاب تھے خلق میں الباب تھے صدق کے ارباب تھے
ہو گئے شہ پر فدا

اہل بیت تھے عجب افق دعوت کے شہب ہو گئے قربان سب
خالی لشکر ہو گیا

کہتی تھی زینب کیوں نہ پکاروں　　اے میرے دلبر عون و محمد
آؤ میں بھائی پے صدقے اتاروں　　اے میرے دلبر عون و محمد

لاؤں میں دلہن دولہا بناؤں　　ہاتھوں کو شوق سے مہندی لگاؤں
دل ہے پریشاں بال سنواروں　　اے میرے دلبر عون و محمد

آنکھوں کے تارے کلیجہ کے پارے　　اماں کے پیارے بابا کے پیارے
تم پہ نہ کیوں میں جان نثاروں　　اے میرے دلبر عون و محمد

بھائی پہ آفت آئی ہے پیارو　　کھینچ ادھر موت لائی ہے پیارو
آؤ میں تم کو بھائی پہ واروں　　اے میرے دلبر عون و محمد

پیاسے ہو پی لو جامِ شہادت　　پاوگے جامِ کوثر و جنت
پیشِ خدا دامان پساروں　　اے میرے دلبر عون و محمد

آگے تو آؤ منہ تو دکھاؤ　　آواز پیاری اپنی سناؤ
صدقے میں جاؤں جان نثاروں　　اے میرے دلبر عون و محمد

آغوش میں جس کو پالا پردیس میں اُسکو مارا
مظلوم لٹا کربل میں زہرا تیرا راج دلارا

قاسم کے الم سے تڑپے دولہا کا وہ لاشہ دیکھے
کس کس کا اٹھائے صدمہ کس کس کو وہ بے کس روئے
بخشش کے لئے گھر اپنا دیتا رہا کربل میں

ہائے رے دولہا رن میں جھوجھا  لال دولہن کا دولہا لال
سہرا کنگنا کھلنے نہ پایا  سر سے نہ مقنع کھولا لال

دولہے کے ہاتھوں میں مہندی کی لالی  جس کے انگ سے بو نہ گئی
لال ہے گھوڑا لال ہے جوڑا  لال رومال دوشالا لال

دولہے کے انگ میں شادی کے کپڑے  ٹھاٹھ سے پہن کے گھوڑے سوار
فوجِ عدو میں ہنستا ہے جاتا  دولہے کا یارو خدا رکھوال

دولہے کے گھر میں سارے براتی  رورو کے کہتے ہیں ہائے نبی
ایسے بنے گا کوئی نہ دولہا  رن کو چلا متوالا لال

دولہے کے اوپر چاروں طرف سے  تیر و تبر کی مار چلے
لال ہے کھانڈا لال ہے تیغا  لال ہے برچھی بھالا لال

دریا پہ اُٹھا شور علمدار علمدار
اے کربلا کے جعفر و الطیّار علمدار
عباس عباس عباس علمدار

عباس تو ہے مذہبِ وفا کا پیمبر
عاشور کو تھا کشتیِ اِسلام کا لنگر
اِس طرح لڑے دشت میں یاد آ گئے حیدر
اب تک ہے زمانے میں وہ جھنکار علمدار

معصوم بھتیجی کا وہ مظلوم بہشتی
کہنے لگا پانی بھی ہے مظلوم بہشتی
جب مشک چھیدی نہر پہ تھی دھوم بہشتی
ایسا نہ کوئی ہوگا وفادار علمدار

اے حضرتِ عباس اے سقاءِ سکینہ
اُمّ البنین کا چاند تو ھاشم کا نگینہ
روتے ہے تیری لاش پہ سلطانِ مدینہ
مظلوم برادر کے مددگار علمدار

کیا خوب محبت میں محبت کی کشش تھی
غازی کو پسند آئی تھی بھائی کی غلامی
ایک جان بچی تھی وہ بھی شبیر کو دے دی
اِک گل تھا مگر لگتا تھا گلزار علمدار

یہ پرچمِ اِسلام تو تقدیر ہے تیری
مجلس کے چراغو میں بھی تنویر ہے تیری
دریاءِ فرات آج تو جاگیر ہے تیری
حق والوں کی عزّت کا تو حقدار علمدار

دریا کی ترائی پہ گرے ہاتھ کے ٹکڑے
اُس وقت ہی ٹوٹے تھے فلک سے دو ستارے
بھائی کی کمر جھک گئی عباس کے مارے
اب ٹوٹ گیا صبر کا مینار علمدار

لائے حسین خیمے میں ہر ایک کا لاشہ
کیا بات تھی عباس کو دریا پہ ہی چھوڑا
شرمندہ نہ ہو جائے جری اُسکا تھا صدمہ
خُدّار شہِ دین کے خُدّار علمدار

دُنیا میں غضنفر کا علم اُنچا رہیگا
پرچم یہ علمدار کا تو اُنچا رہیگا
دُنیا کو ہمیشہ کے لیئے کہتا رہیگا
محشر تلک حسین کی للکار علمدار

ہر کام کے ہمراہ تیرا نام ہے باقی
جس طرح ہر ایک صبح کی ہر شام ہے باقی
عباس تیرے نام سے اِسلام ہے باقی
ایمان کی دھڑکن کا طلبگار علمدار

جو مانگنا ہے مؤمنو عباس سے مانگو
مِنّت کی سواری لیئے دربار میں پہنچو
پوری اگر ہونی ہے تو آؤ اے مرادو
مظلوم وسیلے کی ہے سرکار علمدار

اب کرب و بلا جانا ہے عباس بلاؤ
تقدیر کے مارو کو ذرا راہ دِکھاؤ
دو گز زمین خاکِ شفاء میں تو ملا دو
کر دیجیئے شمشیر کو سر شار علمدار

دریا پے شور ہے کے علمدار مر گیا
ٹوٹی کمر حسین کی غم خوار مر گیا

تھی جس سے فوجِ شام پریشان ہائے ہائے
بازو کٹا کے ریتی پہ جرار مر گیا

صدقے ہوا حسین پہ عباس باوفا
لڑ بھڑ کے مثل جعفر طیار مر گیا

پرسا دو شیعوں بھائی کا بیکس حسین کو
عباس ابن حیدر کرار مر گیا

کہتی تھی فوجِ شام یہ خوش ہو کے نہر پر
اَب کیا لڑینگے شہ کا مددگار مر گیا

اک شور ہے کہ لوٹ لو بیکس حسین کو
اب کس کا ڈر ہے فوج کا سردار مر گیا

طاقت کمر کی ہو گئی زائل حسین کی
جب ایڑیاں رگڑ کے علمدار مر گیا

سر پیٹو اے مجبو کے پانی کے واسطے
عباس سا غیور وفادار مر گیا

تنہائی میں کیسے اٹھیگا اکبر کا جنازہ رہنے دو
صابر ہو مگر پھر باپ ہو تم اے سید والا رہنے دو

آہستہ لٹادو ریتی پر تکلیف نہ پہنچے اکبر کو
بیٹھی ہے بہت گہری برچھی زخمی ہے کلیجہ رہنے دو

خیمے میں نہ لے جاؤ انکو ماں زخم نہ دیکھے سینے کا
ایسا نہ ہو غم کی شدت سے پھٹ جائے کلیجہ رہنے دو

باہر نہ نکل آئے زینب سمجھاؤ تو یہ کیا کرتی ہے
شبیر اٹھو خیمے میں چلو اکبر کو تڑپتا رہنے دو

مخلوق خدا میں ہل چل ہے للہ سنبھالو عالم کو
آنکھوں سے ذرا آنسو پونچھو آقا میرے مولی رہنے دو

اکبر نہیں زندہ ہونے کے شہ دل کو سنبھالو صبر کرو

اکبر کے سرہانے سے اٹھو فطرت کا تقاضا رہنے دو

پروان چڑھالوں کوئی ارمان نکالوں
ٹھیرو علی اکبر تمہے دولہا تو بنالوں

پھل برچھی کا کھائے ہوئے سوتے ہو زمیں پر
اے لال کلیجے کو میں کس طرح سنبھالوں

شاید یوں ہی تھم جائے لہو زخم جگر کا
اٹھو علی اکبر میں کلیجے سے لگالوں

اے لال تیرے بیاہ کی زینب کو ہوس تھی
اِن خون بھرے ہاتھوں میں مہندی تو لگالوں

ٹھیراؤ جنازہ مجھے حسرت تو نہ رہ جائے
ارمان بھرے لال کا ارمان نکالوں

بولی بانو پیارے اصغر شام بھئی گھر آؤ
رات اکیلے ڈرو گے دلبر شام بھئی گھر آؤ

پانی پینے گیو ہے اصغر جیا مورا گھبرائے
کوئی نہیں ہے گھر میں بیٹا لینے تجھکو آئے
بیٹا شام بھئی گھر آؤ

جھولو تیرو خالی پڑو ہے جھولن والے آؤ
جھولکے مورے پیارے اصغر ماں کا دل بہلاؤ
بیٹا شام بھئی گھر آؤ

ماتا سے کیا روٹھ گئے ہو کیسے تمکو مناؤں
کوئی نہیں ہے گھر میں بیٹا کسکو بپتا سناؤں
بیٹا شام بھئی گھر آؤ

راہ تکت ہوں بیٹا توری کاہے لگایو دیر
آؤ بیٹا جلدی آؤ میں مناؤں خیر
بیٹا شام بھئی گھر آؤ

گیو تھو رن میں ہنستے ہنستے بیٹا لینے نیر
کیا تھی خبر کہ دینگے ظالم نیر کے بدلے تیر
بیٹا شام بھئی گھر آؤ

اکھیاں ترس گئی دیکھنے تجھکو میرے نین کے نور
آئی نہیں کوئی تیری خبر کیا گیو ہے اتنی دور
بیٹا شام بھئی گھر آؤ

تشنہ دہن حسین غریب الوطن حسین
غربت میں تین روز رہے بے کفن حسین

بے شیر کو گلے سے لگایا مگر نہ روئے
تلوار سے مزار بنایا مگر نہ روئے
لاشہ جواں کا رن سے اٹھایا مگر نہ روئے
یہ صبر تھا کے گھر کو لٹایا مگر نہ روئے

دشت ستم میں لٹ گیا سارا چمن حسین
تشنہ دہن حسین غریب الوطن حسین

ننھا سا چاند کھو گیا پانی کے واسطے
چہرے کو خوں میں دھو گیا پانی کے واسطے
عالم سیاہ ہو گیا پانی کے واسطے
بچہ لحد میں سو گیا پانی کے واسطے

خاک شفا میں مل گئی سب انجمن حسین
تشنہ دہن حسین غریب الوطن حسین

چھوڑا فرس کو خاک کے بستر کے سامنے
شاکر رہے خدا پہ مقدر کے سامنے
سوکھے گلے کو رکھ دیا خنجر کے سامنے
غربت میں ذبح ہو گیا خواہر کے سامنے

ہے دشت کربلا میں چراغ وطن حسین
تشنہ دہن حسین غریب الوطن حسین

مظلومیت کی فتح دکھاتے رہے حسین
خوش ہو کے آنسوؤں کو بہاتے رہے حسین
مرضیء حق کو دل سے لگاتے رہے حسین
اصغر کی قبر رن میں بناتے رہے حسین
خاک شفا میں مل گئی سب انجمن حسین
تشنہ دہن حسین غریب الوطن حسین

اکبر کو دے دیا علی اصغر کو دے دیا
راہ خدا میں اپنے بھرے گھر کو دے دیا
گردن کا خون شمر کے خنجر کو دے دیا
مر کر نشان فتح بہتر کو دے دیا
دشت ستم میں لٹ گیا سارا چمن حسین
تشنہ دہن حسین غریب الوطن حسین

جھولو معصوم تشنہ دہن جھولنا

کربلا میں جھلائے بہن جھولنا

بہن کو ننھا سا بھائی جو یاد آتا تھا

لپٹ کے جھولے سے یوں کرتی تھی تڑپ کے بکا

کہاں گیا میرا معصوم ہنسلیوں والا

چھپا ہے کونسی بدلی میں جا کے چاند مرا

او خدا او خدا وہ کہاں چل دیا

اب جھلائے گی کس کو بہن جھولنا

کہاں چلے گئے تم ہم کو چھوڑ کر اصغر ۲

نہیں ہو تم تو ہے سونا تمام گھر اصغر ۲

تمہارے رنج و الم کا ہے یہ اثر اصغر ۲

کلیجہ چاک ہے صد پارہ ہے جگر اصغر ۲

دل کا یہ حال ہے غم سے پامال ہے،
خالی خالی ہے اے گُلبدن جھولنا

حسین آتے جو خیمہ میں سر جھکائے ہوئے
پسر کا ننھا سا لاشہ گلے لگائے ہوئے
عبا کا دامن آلودہ خوں اُٹھائے ہوئے
نگاہ کھوئی ہوئی اشک ڈبڈبائے ہوئے

صرف یہ کہہ سکے اے میرے لاڈلے
اب بنے گا تمہارا کفن جھولنا

ہوئی وداع جو خیمہ سے لاش اصغر کی
کھنچ آئی دیدۂ پُر نم میں جان مادر کی
دکھائے کس کو تڑپ اپنے دلِ مضطر کی
یہ کہہ رہی تھی زباں ماتما کے تیور کی

میرے دل کی قرار جسته شیرخوار

قبر میں جا کے اے گلبدن جھولنا

وفورِ غم سے تڑپتی تھی زینب و کلثوم

پچھاڑے کھاتی تھی خیمہ میں بانوئے مغموم

زباں پہ بس یہ سخن تھا اے قادرِ قیّوم

اندھیری قبر میں گھبرائے گا میرا معصوم

جا کے حورِ جناں دے اسے لوریاں

اور جھولے مرا خستہ تن جھولنا

ستم ستم مجھے اہل جفا نے لوٹ لیا

بلائیں ٹوٹ پڑیں کربلا نے لوٹ لیا

اجاڑ کے گود کو میری قضا نے لوٹ لیا

میرے شگوفے کو برق فنا نے لوٹ لیا

میرے نورِ نظر میرے لختِ جگر

لُٹ گیا تیرا اے جانِ من جھولنا

پسر کی لاش پہ را اشد یہ کہتے تھے شبّیرؑ

سُپردِ روحِ نبیؐ و علیؑ یہ طفلِ صغیرؑ

ہمارے آنے میں بھی اب نہیں ہے کچھ تاخیر

سنبھالے ان کو حسنؑ اور فاطمہؑ دلگیر

جلد آتے ہیں ہم سر کٹاتے ہیں ہم

تا جھلائے اِسے پنجتنؑ جھولنا !!

ماتم کی صف بچھی ہے اور رو رہا جہاں ہے

شاہِ شہید تم کو گریاں کناں زماں ہے

آقا کو وقت آخر عباس نے صدا دی

مولی سنبھالیئے گا گرنے کو اب نشاں ہے

حجت تمام کرنے اصغر کو شاہ لائے

پانی پلادو اِسکو معصوم بے زباں ہے

گھر بار بھی لٹایا صرف ایک حق کے خاطر

شبیر سا بہادر دنیا بتا کہاں ہے

زینب کے دل سے پوچھو کربل کے واقعے کو

دل ہے فگار غم سے آنکھوں سے خوں رواں ہے

نہرِ فرات کو بھی شرم آ رہی ہے شہ سے

آلِ نبی ہے پیاسے سوکھی ہر ایک زباں ہے

نظروں سے شاہ دیں کے اکبر کی موت دیکھو

سینے پہ زخم کھائے دم توڑتا جواں ہے

کس طرح سے سنائیں کربل کے واقعے کو

جلتی زمیں پہ لاشیں زینب تو بے ردا ہے

نانا کو دیا تھا جو وعدہ شبیر نبھانے آئیں ہیں
سر اپنا کٹانے آئیں ہیں گھر بار لٹانے آئیں ہیں

تم لیکے دیئے ڈھونڈو تو سہی مجھ سا نہ ملیگا سبط نبی
یہ آخری حجت اعدا کو شبیر سنانے آئیں ہیں

شہ والا نے فرمایا بہن زینب نہ گھبرانا
وفا ہونے کو ہے وعدہ بہن زینب نہ گھبرانا

بہادر کی ہو تم بیٹی نواسی ہو پیمبر کی
خبر جب قتل کی سننا بہن زینب نہ گھبرانا

قیامت کی گھڑی ہوگی عجب ہوگا وہ منظر بھی
فلک سے خون برسے گا بہن زینب نہ گھبرانا

یہی لکھا تھا قسمت میں کہ آئے موت غربت میں
ہمارا دیکھ کر لاشہ بہن زینب نہ گھبرانا

بہن ہو ایک صابر کی مصیبت کی ہو تم عادی
ہمیشہ صبر ہی کرنا بہن زینب نہ گھبرانا

تم ہی سب کی نگہباں ہو بچانا میرے عابد کو
ردائیں چھینے جب اعدا بہن زینب نہ گھبرانا

نہ قاسم ہے نہ اکبر ہے نہ عباس دلاور ہے
بھروسا رب پہ ہی رکھنا بہن زینب نہ گھبرانا

سکینہ رات کو اُٹھکر مجھے ڈھونڈے اگر روکر
تو سمجھا کر سلا دینا بہن زینب نہ گھبرانا

لاچار حسینا بے یار حسینا
اے بیکسوں کے قافلہ سالار حسینا

قربان گئی دیکھو تو کیا پشت بہن کی
نوکوں سے سِنانوں کے ہے اَنگار حسینا

وہ خنجر بےپیر[۱] کجا[۲] وائے[۳] مقدر[٤]
اور بوسہ گہِ احمد مختار حسینا

ماں بیٹھنے دے مکھی نہ جس جسم کے اوپر
اس جسم پر یوں تیر کی بوچھار حسینا

درانہ[٥] عدو بے ادبانہ ہوئے داخل
گھر فاطمہ کا ہو گیا بازار حسینا

۱ بےپیر–بد ذات

۲ کجا– کہاں ۳ وائے – افسوس(ھائے)

٤ مقدر– نصیب

وہ خنجر...
عجب افسوس ہے کہ وہ بد ذات شمر لعین تو خنجر کہاں اے وہ رسول اللہ نی بوسہ گاہ کہاں

٥ درانہ–بے دھرك ، بلا اجازۃ

آدم صفی اللہ سے تا عیسیٰ دوراں
ایسی نہ لٹی تھی کوئی سرکار حسینا

بل کھائے نہ کیوں دل میرا جب نوک سناں سے
بندھ جائے تیرے گیسوئے خمدار حسینا

ماں بہنو کے اونٹوں کا بنا کون شتر باں
عابد کے سوا صاحب آزار حسینا

خود رفتہ متیں غم سے ہے تو کیا عجب اسکا
اس غم سے تو ٹکڑے ہوئے کہسار حسینا